آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز بدھ 13 جنوری 2021ء بمطابق 28 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 13

کوئٹہ مساجد با جماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

وزیراعظم کی وزراء کو کام پر توجہ دینے اور میڈیا پر پیش کرنے کی ہدایت

وفاقی وزراء کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے کام پر توجہ دیں اور اُسے میڈیا پر پیش کریں، اسامہ ستی کیس کو انصاف کے لحاظ سے مثالی بنائیں گے

اسامہ ستی کیس کو انصاف کے لحاظ سے مثالی بنائیں گے، نوجوان کے قتل کیس کی شفاف انکوائری ہوگی، کابینہ اجلاس سے خطاب

عوام کیلئے ذاتی اور سستی رہائش کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، جاری منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کو یقینی بنایا جائے، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے وفاقی وزراء کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے کام پر توجہ دیں اور اسے میڈیا پر پیش کریں، اسامہ ستی کیس کو انصاف کے لحاظ سے مثالی بنائیں گے۔ منگل کو وزیراعظم کی زیر صدارت کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ حکومت کے ڈھائی سال گزر چکے ہیں، وزیروں کو عوامی مسائل پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ذرائع کے مطابق انہوں نے کہا کہ وزراء اپنے کام پر توجہ دیں اور اسے میڈیا پر درست انداز میں پیش کریں۔ دوران اجلاس پوچھا گیا، اسامہ قتل کیس، براڈ شیٹ معاملے اور بجلی کے طویل بریک ڈاؤن پر تفصیلی بقیہ نمبر1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان جیل ریفارمز اور کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بجلی کے ملک گیر بلیک آؤٹ کے اصل حقائق سامنے لائے جائیں، سینیٹ اپوزیشن اراکین

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کر کے پھر بھی قانون سازی نہیں ہو رہی ہے، کے پی کے میں عوام کو صحت کی سہولیات میسر نہیں، جزائر معاملے سندھ اور بلوچستان کی عوام کو سڑکوں پر نکلنے پر مجبور نہ کیا جائے

وفاق صوبوں کے وسائل پر بری نظر نہیں رکھ سکتا، اس خام خیالی سے گریز کرنا ہوگا اور اسے ذہن سے نکالنا ہوگا، شیری رحمن، رضا ربانی، و دیگر کا اظہار خیال

چالیس سے باریاں بدل بدل لوگوں کو مسائل میں دھکیلنے والے پی پی پی اور ن لیگ ہے، براڈ شیٹ کمپنی کو اثاثے چھپانے پر رشوت کی پیشکش کی گی گئی، انہوں نے ٹھکرا دی، مراد سعید

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن اراکین نے بجلی کے ملک گیر بلیک آؤٹ کے اصل حقائق سامنے لانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاملہ پر متعلقہ وزیر کو مستعفی ہونا چاہیے، پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کر کے پھر بھی قانون سازی نہیں ہو رہی ہے، کے پی کے میں عوام کو صحت کی سہولیات میسر نہیں، جزائر معاملے سندھ اور بلوچستان کی عوام کو سڑکوں پر نکلنے پر مجبور نہ کیا جائے، وفاق صوبوں کے وسائل پر بری نظر نہیں رکھ سکتا، اس خام خیالی سے گریز کرنا ہوگا اور اسے ذہن سے نکالنا ہوگا جبکہ وفاقی وزیر مراد سعید نے کہا ہے کہ نواز شریف اتنے اچھے تھے تو آج وہ اور ان کے بچے اشتہاری کیوں ہیں؟ یہ ان کیمرہ این آر او مانگتے ہیں، چالیس سے باریاں بدل بدل لوگوں کو مسائل میں دھکیلنے والے پی پی پی اور ن لیگ ہے، براڈ شیٹ کمپنی کو اثاثے چھپانے پر رشوت بقیہ نمبر2 صفحہ 3 پر

صوبے میں امن وامان اور عوام کے جان و مال کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، وزیر داخلہ

صوبے میں امن و امان کی مجموعی صورتحال میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی ہے، میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (ق ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی زیر صدارت صوبے میں امن و امان کی مجموعی صورتحال سمیت اے این پی کے جنرل سیکرٹری اسد خان اچکزئی کے اغواء اور جرائم کے سدباب کے حوالے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و صوبائی بقیہ نمبر3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ظفر علی بلیدی کو سیکرٹری محکمہ وومن ڈویلپمنٹ تعینات کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) ظفر علی بلیدی کو سیکرٹری محکمہ وومن ڈویلپمنٹ تعینات کر دیا گیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل بقیہ نمبر13 صفحہ 3 پر

بلڈرز اور ڈویلپرز کے ساتھ ہمارا تعاون جاری رہے گا ہم جلد ہی اکنامک زون بنائیں گے، شاہ زیب کاکڑ

گوادر (ق ن) بلڈرز اور ڈویلپرز کے ساتھ ہمارا تعاون جاری رہے گا ہم جلد ہی اکنامک زون بنائیں گے اولڈ سٹی بقیہ نمبر12 صفحہ 3 پر

صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں تبادلے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں تبادلے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کے جاری بقیہ نمبر14 صفحہ 3 پر

عبدالسلام زہری کی قیادت میں وفد کی سیکرٹری صحت نور الحق بلوچ سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر عبدالسلام زہری کی قیادت میں وفد بقیہ نمبر15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

بڑی صنعتوں کی شرح نمو کے بارے میں اچھی خبریں آ رہی ہیں، اسد عمر

اسلام آباد (این این آئی) وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ بڑی صنعتوں کی شرح نمو کے بارے میں اچھی خبریں بقیہ نمبر21 صفحہ 3 پر

ایف بی آر نوٹس بازی کے بجائے 70 لاکھ افراد کو ٹیکس نیٹ میں لائے، پاکستان ٹیکس بار

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ ایف بی آر میں یونیفارم بدلنے کی بجائے افسران کے بقیہ نمبر20 صفحہ 3 پر

اشتہارات کے غیر قانونی ٹھیکوں کا ریفرنس، یوسف رضا گیلانی پر فرد جرم عائد نہ ہوسکی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت میں سابق وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی و دیگر کیخلاف اشتہارات کے غیر قانونی بقیہ نمبر23 صفحہ 3 پر

عبدالرازق عدوزئی کی گاڑی پر بم دھماکہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا 5 گاڑیوں متاثر

کوئٹہ (این این آئی) پاک افغان سرحدی شہر چمن کی تحصیل کچہری میں مقامی سماجی تنظیم کے سربراہ عبدالرازق عدوزئی کی بقیہ نمبر22 صفحہ 3 پر

استاد کریم خلیلی کی آرمی چیف سے ملاقات، خطے میں امن و استحکام اور افغان امن عمل پر گفتگو

افغانستان میں امن کا مقصد پاکستان میں امن ہے، آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی ملاقات میں بات چیت

راولپنڈی (این این آئی) حزب وحدت اسلامی افغانستان کے سربراہ استاد کریم خلیلی نے منگل کو جی ایچ کیو میں پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ سے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ دلچسپی، خطے میں امن و استحکام، ترقیاتی منصوبوں اور افغان امن عمل بقیہ نمبر11 صفحہ 3 پر

محکمہ خزانہ نے پنشن کے 3091 زیر التواء کیسز نمٹا دیئے ہیں، وزیر خزانہ بلوچستان میر ظہور بلیدی

خزانے پر بوجھ کم کرنے کے لئے گریڈ 20 یا اس سے زائد کے افسران کا بعد از ریٹائرمنٹ سپیریئر گیگو الاؤنس ختم کر دیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر خزانہ بلوچستان میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ محکمہ خزانہ میں شفافیت اور کفایت شعاری کے لئے اقدامات جاری ہیں محکمہ خزانہ نے پنشن کے 3091 زیر التواء کیسز نمٹا دیئے ہیں جبکہ خزانے پر بوجھ کم کرنے کے لئے گریڈ 20 یا اس سے زائد کے افسران کا بعد از ریٹائر بقیہ نمبر10 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: حزب وحدت اسلامی افغانستان کے سربراہ استاد کریم خلیلی آرمی چیف قمر جاوید باجوہ سے ملاقات کر رہے ہیں

ہائی کورٹ بلوچستان کے حالیہ فیصلے سے ایسوی ایشن کے اصولی موقف کی تائید ہوئی ہے کہ ڈائریکٹر جنرل کی پوسٹ محکمے کا اور محکمے کے افسران کا بنیادی حق ہے

کوئٹہ (این این آئی) آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن محکمہ تعلقات عامہ کے صدر وقاص شاہین اور جنرل سیکرٹری ظفر علی ظفر نے ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ کی پوسٹ کے حوالے سے ہائی کورٹ بلوچستان کے تاریخی فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہائی کورٹ بلوچستان کے حالیہ فیصلے سے ایسوی ایشن کے اصولی موقف کی تائید بقیہ نمبر16 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی سے آئی جی ایف سی (ساؤتھ) میجر جنرل ایمن بلال صفدر ملاقات کر رہے ہیں

غیر قانونی اور اسمگل شدہ تیل کی فروخت سے حکومت کو 180 ارب روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے، 192 پٹرول پمپ سیل

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ میں انکشاف ہوا ہے کہ غیر قانونی اور اسمگل شدہ تیل کی فروخت سے حکومت کو 180 ارب روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے، اسمگلنگ میں ملوث ملک بھر میں 192 پٹرول پمپ سیل کر دیئے گئے جبکہ کابینہ نے آئل ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان کے ادارہ کو مزید بااختیار، خودمختار اور شفاف بنانے کیلئے قانونی بقیہ نمبر17 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت جیل ریفارمز اور کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ پر پیش رفت سے متعلق اجلاس

مچھ جیل میں ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے قیام کے لئے تقریباً پچاس ملین روپے کی حکومت نے منظوری دے دی ہے

جیلوں میں ویڈیو لائبریری کے قیام کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (ق ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت جیل ریفارمز اور کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ پر پیش رفت سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات محترمہ بشریٰ رند، چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ فضیل اصغر، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، آئی جی پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ، سیکرٹری خزانہ پسند خان بلیدی، سیکرٹری قانون ڈاکٹر اکبر حریفال، سیکرٹری اطلاعات شاہ عرفان غرشین، سیکرٹری بقیہ نمبر18 صفحہ 3 پر

پاکستان اور جاپان کے تعلقات دیرینہ ہے، جاپان نے مشکل حالات میں بھی ہمیشہ پاکستان کی مدد کی ہے، شیخ رشید احمد

پاکستان میں امن وامان سے متعلق اقدامات کو سراہتے ہیں، پاکستان کی ترقی کے لئے پر امید ہیں، جاپانی سفیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں جاپان کے سفیر کونیوری متسودا نے وزیر داخلہ شیخ رشید احمد سے ملاقات کی جس میں پاکستان اور جاپان کے درمیان تعلقات کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بات چیت کی گئی۔ وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے پاکستان کی اقتصادی اور سماجی بقیہ نمبر19 صفحہ 3 پر

قومی معیشت کا پہیہ محنت کشوں کی جانفشانی کے باعث رواں دواں ہے، گورنر بلوچستان

محنت کش طبقہ ہی ملک کی صنعتی و اقتصادی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، ضروری ہے کہ محنت کشوں کے تمام حقوق کی پاسداری کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں

واپڈا یونین ملازمین کے بچوں کیلئے ایک کالج کے قیام کو عمل میں لایا جائے اور سرکاری تعلیمی اداروں میں مزدوروں کے بچوں کیلئے کوئی کوٹہ مختص کیا جائے، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ق ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ قومی معیشت کا پہیہ محنت کشوں کی جانفشانی کے باعث رواں دواں ہے اور محنت کش طبقہ ہی ملک کی صنعتی و اقتصادی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ محنت کشوں کے تمام حقوق کی پاسداری کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں رمضان اچکزئی کی قیادت میں آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ محنت کشوں کے پسینے اور محنت ہی کی بدولت ہی پوری قوم ایک خوشحال اور معاشی بقیہ نمبر4 صفحہ 3 پر

شاہ محمود قریشی سے کریم خلیلی کی ملاقات، افغان امن عمل پر گفتگو

افغان قیادت کو قابل قبول جامع سیاسی مذاکرات ہی افغان مسئلے کا واحد حل ہے، شاہ محمود قریشی

پاکستان افغانستان میں قیام امن کیلئے اپنی مصالحانہ کاوشیں جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہے، ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی سے افغانستان کی حزب وحدت اسلامی کے رہنما استاد کریم خلیلی نے اپنے وفد کے ہمراہ منگل کو ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان افغانستان تعلقات اور افغان امن عمل میں پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے پرامن، مستحکم اور خوش حال افغانستان کے لئے پاکستان کی مستقل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ افغانوں کے بعد افغانستان میں قیام امن کی سب سے زیادہ خواہش پاکستان کو ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے زور دیا کہ پاکستان اور افغانستان کے عوام تاریخ، عقیدے، ثقافت اور روایات سمیت کئی مشترک رشتوں سے جڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے تمام شعبہ جات میں افغانستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات مضبوط بنانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر خارجہ نے دوطرفہ تعلقات اور ٹرانزٹ ٹریڈ مضبوط بنانے کے لئے پاکستان کی طرف سے کئے گئے مختلف اقدامات بیان بقیہ نمبر6 صفحہ 3 پر

امان اللہ خان یاسین زئی سے آزاد جموں وکشمیر کے صدر سردار مسعود خان کی ملاقات

پاکستان نے دنیا کے ہر فورم پر کشمیر ایشو کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (ق ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے آزاد جموں و کشمیر کے صدر سردار مسعود خان نے منگل کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران کشمیری بھائیوں پر ڈھائے جانے والے بھارتی مظالم کے حوالے سے گورنر بلوچستان نے کہا کہ یہ بات دنیا پر واضح ہو چکی ہے کہ بھارت اپنے ظلم و بربریت سے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو نہیں دبا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دنیا کے ہر فورم پر کشمیر ایشو کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا ہے اور ہمیشہ کی طرح یہ پرزور مطالبہ ہے کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں مقبوضہ کشمیر کے عوام کی امنگوں کے مطابق حق خودارادیت دیا بقیہ نمبر24 صفحہ 3 پر

حکومت پولیو کے خاتمے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، بشریٰ رند

بحیثیت ایک ذمہ دار قوم ہمیں ملک پولیو کے خاتمے کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا

اس وقت پوری دنیا میں پولیو کا مرض ختم ہو چکا ہے لیکن یہ بیماری آج بھی ہمارے بچوں کو شکار بنا رہی ہے، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات

کوئٹہ (ق ن) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات محترمہ بشریٰ رند نے کہا ہے کہ بحیثیت ایک ذمہ دار قوم ہمیں ملک پولیو کے خاتمے کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ موجودہ حکومت صوبے سے پولیو کے خاتمے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے اور اپنے مستقبل کے معماروں کے تحفظ کے لیے تمام مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد آگے آئیں۔ تاکہ اس موذی مرض کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولیو مہم کے حوالے سے جاری کردہ اپنے ایک بیان میں کیا۔ ان کا کہنا ہے کہ 11 جنوری سے صوبے بھر میں انسداد پولیو مہم جاری ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں پولیو سے نمٹنے کے لیے نہایت موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں اور کرونا کی موجودہ صورتحال میں حفاظتی اقدامات اٹھاتے ہوئے ایس او پیز کا خیال رکھتے ہوئے تمام بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائیں۔ پولیو کے تدارک کے لیے جہاں حکومت ٹھوس اقدامات کر رہی ہے وہاں عوام بقیہ نمبر5 صفحہ 3 پر

گوادر کے قریب پاکستان نیوی اور ایم ایس اے کی بڑی کارروائی

گوادر (آن لائن) گوادر کے قریب پاکستان نیوی اور ایم ایس اے کی بڑی کارروائی، بھاری مقدار میں منشیات پکڑ لی گئی آمدہ اطلاعات کے مطابق مشترکہ انٹیلی جنس پر مبنی کاؤنٹر نارکوٹکس آپریشن میں پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی، پاکستان نیوی اور پاکستان کسٹم انٹیلیجنس نے منشیات کی اسمگلنگ کو روکا گیا۔ یہ آپریشن بحیرہ بقیہ نمبر27 صفحہ 3 پر

تحریک انصاف زبانی دعوؤں پر نہیں بلکہ کارکردگی پر یقین رکھتی ہے، علی نواز اعوان

مری کشمیر شاہراہ پر ٹریفک کنٹرول کیلئے بہارہ کہو فلائی اوور کی فزیبلیٹی پر کام جاری ہے

ملازمتوں پر مقامی افراد کو کوٹہ اور این ایف سی ایوارڈ میں حصہ بڑی کامیابی ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی علی نواز اعوان نے کہا ہے کہ مری کشمیر شاہراہ پر ٹریفک کنٹرول کے لیے بہارہ کہو فلائی اوور کی فزیبلیٹی پر کام جاری ہے، پینے کی صاف پانی کی فراہمی ترجیحات میں ہے، ملازمتوں پر مقامی افراد کو کوٹہ اور این ایف سی ایوارڈ میں حصہ بڑی کامیابی ہے، تحریک انصاف زبانی دعوؤں پر نہیں بلکہ کارکردگی پر یقین رکھتی ہے، اسلام آباد رنگ روڈ منصوبہ زیر غور ہے، دیہی علاقوں میں سیوریج، سڑکیں اور پانی کی فراہمی میں کامیاب ہوئے، بہارہ کہو بقیہ نمبر28 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں میرٹ پامالیوں سے نوجوانوں میں مایوسیاں پھیل رہی ہے، سید عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی، صوبائی جنرل سیکرٹری حافظ عبدالاحد کبدانی، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی صبیب اللہ صافی، عزیز اللہ ذاکری و دیگر خضدار سے لانگ مارچ کے شرکاء سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں میرٹ پامالیوں بقیہ نمبر26 صفحہ 3 پر

سلیکٹڈ عمران نیازی حکومت ملک کیلئے سیکورٹی رسک بن چکی ہے، حاجی علی مدد جتک

ملک بھر میں پی ڈی ایم کے کامیاب جلسوں سے حکمران بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں

2021 انشاء اللہ سلیکٹڈ اور نااہل حکومت کے خاتمے کا سال ہے، صدر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ سلیکٹڈ عمران نیازی حکومت ملک کیلئے سیکورٹی رسک بن چکی ہے، ملک بھر میں پی ڈی ایم کے کامیاب جلسوں سے حکمران بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں 2021 انشاء اللہ سلیکٹڈ اور نااہل حکومت کے خاتمے کا سال ہے۔ آج پی ڈی ایم کے زیر اہتمام لورالائی میں ہونے والے جلسے سے پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سمیت مرکزی بقیہ نمبر25 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سلیم مانڈوی والا نیب کے خلاف ڈٹ گئے

ڈپٹی چیئرمین کے نیب کے حوالے سے تحفظات پر فیصلہ چیئرمین سینیٹ ہی کریں گے، بابر اعوان

چیئرمین سینیٹ نے نیب معاملے پر اہم مشاورتی اجلاس (آج) بدھ کو طلب کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سلیم مانڈوی والا نیب کے خلاف ڈٹ گئے، چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اور حکومتی ٹیم سے مذاکرات کے باوجود چیئرمین نیب کے خلاف قرارداد اور تحریک التواء لانے کے اعلان پر قائم ہیں اور کہا ہے کہ اپوزیشن نیب کے خلاف معاملہ سے پیچھے نہیں ہٹی جبکہ بابر اعوان کا کہنا ہے کہ فیصلہ ایوان میں ہوگا۔ چیئرمین سینیٹ نے نیب سے متعلق اہم مشاورتی اجلاس (آج) بدھ کو طلب کرلیا۔ ڈپٹی چیئرمین سلیم مانڈوی والا اور اپوزیشن کے نیب سے متعلق تحفظات کے بارے اہم مذاکراتی میٹنگ چیئرمین سینیٹ کے چیمبر میں ہوئی۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی، ڈپٹی چیئرمین سلیم مانڈوی والا مشیر پارلیمانی امور بابر اعوان اور قائد ایوان شہزاد وسیم شریک ہوئے۔ سلیم مانڈوی والا نے اپنے تحفظات سے آگاہ کیا۔ حکومت کی بقیہ نمبر8 صفحہ 3 پر

انسداد پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت نہیں ہونی چاہیے، فیاض علی

محکمہ صحت کے کے افسروں کو ہدایت پولیو مہم کے دوران روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لیا جائیگا، ڈپٹی کمشنر

لورالائی (ق ن) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فیاض علی پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت نہیں ہونی چاہیے محکمہ صحت کے کے افسروں کو ہدایت پولیو مہم کے دوران روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لیا جائیگا اور کوئی لاپرواہی یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی انسداد پولیو مہم کو مقصد کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے بھرپور کوشش کی جائیں یہ باتیں اس موقع پر اجلاس میں ڈی ایچ او لورالائی شبیر احمد مینگل محکمہ صحت کے سردار محمد درانی، عبدالمنان بقیہ نمبر29 صفحہ 3 پر

بلوچستان ایک پسماندہ صوبہ ہے بندوق کی نہیں قلم کی جنگ ہے، مٹھا خان کاکڑ

اساتذہ ملک و قوم کے معمار ہے اس پسماندہ اور غریب صوبے کے بچوں کا مستقبل اساتذہ سے وابستہ ہے

مسائل و مشکلات کا حل علم حاصل کرنے میں ہی مضمر ہے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و ماحولیات

ژوب (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و ماحولیات حاجی مٹھا خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان ایک پسماندہ صوبہ ہے، بندوق کی نہیں قلم کی جنگ ہے اپنی تقدیر ہم خود تبدیل کریں گے ان خیالات کا انہوں نے محکمہ تعلیم میں ٹیچنگ اسٹاف کے لئے ٹیسٹنگ سروس کے ذریعے کامیاب ہونے والے 164 مرد و خواتین امیدواروں میں تقرری کے حکم نامے تقسیم کرنے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے ڈپٹی کمشنر شہک بلوچ سردار ناصر خان ناصر اور جی ٹی اے کے صدر حافظ محمد عثمان اور فضل الرحمن نے بھی خطاب کیا صوبائی وزیر حاجی مٹھا خان کاکڑ نے کہا کہ اساتذہ کا ایک مقدس اور پیغمبرانہ پیشہ ہے انہوں نے اساتذہ کو تعیناتی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ میرٹ پر اساتذہ کی تعیناتی خوش آئند اقدام ہے اساتذہ ملک و قوم بقیہ نمبر7 صفحہ 3 پر

وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ہاتھ باندھنے والوں کی حکمرانی ہے، میر لشکری خان رئیسانی

صوبے میں دہشتگردی کے واقعات وسائل پر قبضہ کی سازش ہے کسی جعلی ماسٹر مائنڈ کی مبینہ ہلاکت کو قبول نہیں کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ عمران خان سیاسی عمل کی پیداوار نہیں، بلوچستان کے ساحل وسائل کی اہمیت یہاں کے لوگوں سے زیادہ ہے، وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ہاتھ باندھنے والوں کی حکمرانی ہے، صوبے میں دہشتگردی کے واقعات وسائل پر قبضہ کی سازش ہے کسی جعلی ماسٹر مائنڈ کی مبینہ ہلاکت کو قبول نہیں کریں گے، گوادر کی بجائے ریاستی بیانیہ کے تحت جہاں سے دہشتگرد داخل ہوتے ہیں وہاں بارڈر کی بقیہ نمبر34 صفحہ 3 پر

جوہان میں ایک کنویں کھدائی کے دوران دو افراد پر مٹی کا تودہ گر گیا

منگچر (آن لائن) جوہان میں ایک کنویں کھدائی کے دوران دو افراد پر مٹی کا تودہ گر گیا ہے دونوں افراد دب کر رہ گئے نکالنے کا کام جاری ہے تفصیلات کے مطابق آج سب تحصیل جوہان میں دو افراد محمد اسلم ولد حسین علی غلام مصطفیٰ ولد فیض محمد اقوام مینگل ساکن گاجازی جوہان کنویں بقیہ نمبر33 صفحہ 3 پر

سانحہ مچھ میں شہید ہونے والے مزدوروں کے لواحقین اور علماء سے اظہار تعزیت

نادیدہ قوتیں صوبے کا امن خراب کرنے پر تلی ہوئی ہے، جہانزیب جمالدینی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی کی قیادت میں وفد نے امام بارگاہ ولی عصر ہزارہ ٹاؤن جا کر سانحہ مچھ میں شہید ہونے والے مزدوروں کے لواحقین، علاقہ معتبرین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ نادیدہ قوتیں صوبے کا امن خراب کرنے پر تلی ہوئی ہے اور سانحہ مچھ جیسے بزدلانہ حرکتوں سے عوام کو دست و گریباں کرنا چاہتے ہیں لیکن عوام اب باشعور ہو چکی ہے اور وہ ان قوتوں کے بارے میں جان چکی ہے۔ انہوں نے لواحقین کو بلوچستان بقیہ نمبر32 صفحہ 3 پر

محمد نوید مینگل کو کلین گرین پاکستان موومنٹ فار بلوچستان کا کوآرڈینیٹر مقرر کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) محمد نوید مینگل کو کلین گرین پاکستان موومنٹ فار بلوچستان کا کوآرڈینیٹر مقرر کر دیا گیا۔ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے کلائمٹ چینج آف پاکستان و رکن قومی اسمبلی و رخسانہ نوید کے دستخط سے جاری ہونے والے نوٹیفکیشن کے مطابق کلین اینڈ گرین محمد نوید مینگل کو گرین پاکستان بقیہ نمبر31 صفحہ 3 پر

عوام کے خدمت سے سکون حاصل ہوتا ہے، میر عمیر جان محمد حسنی

کسی بھی علاقے کی تقدیر بدلنے کے لئے نوجوانوں کا اہم کردار ہوتا ہیں

خاران (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سرکردہ رہنما، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے سابق لائزن اسسٹنٹ سردار زادہ میر عمیر جان محمد حسنی نے کہا کہ عوام کے خدمت سے سکون حاصل ہوتا ہے اللہ پاک نے جب بھی موقع دیا انشاء اللہ عوام کے خدمت کرتے رہیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے خاران کے دورے کے موقع پر مختلف علاقائی معتبرین اور نوجوانوں کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار نوابزادہ محمد محمد حسنی بلوچستان اور سندھ کے حوالے سے جلد سیاسی بقیہ نمبر30 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد سے جاپانی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

ماسٹر پلان پر عملدرآمد سے زیارت ملک خوبصورت سیاحتی مقام ہوگا، نور محمد دمڑ

زیارت ٹاؤن ماسٹر پلان سے زیارت کی خوبصورتی، سیاحت کو فروغ اور عوام کو روزگار ملے گا

پی ڈی ایم کے ملک بھر میں تمام جلسے مکمل طور پر ناکام اور عوام نے یکسر طور پر مسترد کر دیا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ زیارت ٹاؤن ماسٹر پلان سے زیارت کی خوبصورتی، سیاحت کو فروغ اور عوام کو روزگار ملے گا زیارت سٹی ماسٹر پلان سے زیارت سٹی کے تمام تر بنیادی مسائل حل ہو جائیں گے عوام سے کیے گئے وعدوں کو عملی جامہ پہنا کر زیارت کا شمار ملک کے خوبصورت ترین سیاحتی مقامات میں ہوگا پاکستان بلکہ دنیا بھر سے بھی لوگ سیر و تفریح کیلئے زیارت آئیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے زیارت ماسٹر پلان کے اپروول کے حوالے سے منعقدہ اسٹیرنگ کمیٹی کے اعلیٰ سطح اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ظہور خان بقیہ نمبر9 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ڈویژن سے چلنے والی تمام ریل گاڑیوں کو فوری بحال نہ کیا گیا تو محنت کش ملک بھر میں بھوک ہڑتالی کیمپ قائم کریں گے، ریلوے ورکرز یونین

کوئٹہ (آن لائن) ریلوے ورکرز یونین کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ ڈویژن سے چلنے والی تمام ریل گاڑیوں کو فوری بحال نہ کیا گیا تو محنت کش ملک بھر میں بھوک ہڑتالی کیمپ قائم کریں گے ریلوے ورکرز یونین کے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد نسیم راؤ، سکھر ڈویژن کے قاضی نعمت اللہ ملتان ڈویژن کے طفیل بدوزئی محمد سلیم چشتی لاہور ڈویژن بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات محترمہ بشریٰ رند سے بی اے پی کے رہنما ڈاکٹر نواز خان ناصر ملاقات کر رہے ہیں

www.dailyshal.com
روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

13 جنوری 2021ء

بلوچستان میں آباد اقلیت برادری کی بحالی

صوبائی حکومت بلوچستان صوبے کی اقلیتی برادری کی برادری کی بحالی کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے، بلوچستان میں آباد اقلیت برادری کے غریب و نادار افراد کی بحالی کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب 20 کروڑ روپے کی خطیر رقم رکھی گئی ہے، بیلہ کے 240 غریب و نادار خاندانوں میں 40لاکھ روپے کی خطیر امدادی رقم تقسیم کی گئی ہے، صوبے کی اقلیت محب وطن اور حب الوطنی سے سرشار ہیں، بیلہ میں 2 کروڑ روپے کے فنڈز سے پینے کے صاف پانی کی اسکیم پر کام تیزی سے جاری ہے کام میں سست روی برداشت نہیں کریں گے، ایک ماہ کے مدت میں اسکیم کو مکمل کیا جائے، غفلت برتنے پر ایکسین پی ایچ ای اور ایس ڈی او کو معطل کیا جائے گا، عوام کے فنڈز سے اگر عوام استفادہ حاصل نہیں کر سکتے تو ایسی اسکیمات فضول ہیں، بیلہ میں شمشان گھاٹ پر قبضہ کی مذمت کرتے ہیں قبضہ مافیا کو ان کے مذموم ارادوں میں کامیاب ہونے نہیں دیں گے، اقلیت برادری کو کوئی تنہا نہیں سمجھے، بیلہ میں اقلیتی کمیونٹی کے لیے پینے کے صاف پانی کی 2 کروڑ روپے کی اسکیم منظور کی گئی ہے جس پر کام جاری ہے لیکن کام میں سست روی اور اس کے معیار و مقدار پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ قبول نہیں ہوگا مذکورہ اسکیم کو جلد از جلد ایک ماہ کے عرصہ میں مکمل کیا جائے پاکستان بلخصوص بلوچستان میں اقلیت برادری محفوظ ہیں اور ہم میں کسی قسم کا کوئی بھی عدم تحفظ کا احساس نہیں پایا جا رہا ہے، صوبائی حکومت بلوچستان کی جانب سے اقلیت برادری کی بحالی کے لیے ایک نئی اسکیم کمیونٹی سطح پر متعارف کرائی جارہی ہے جس کے چیئرمین متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز ہوں گے جو کمیونٹی کے پانچ اراکین کی مشاورت کے بعد غریب و نادار افراد کی نشاندہی کرکے ان کی بحالی کو یقینی بنائیں گے۔

آب کوثر، رود کوثر، موج کوثر (آخری قسط)

ایک بات جو اس کتابی سلسلے میں کھٹکتی ہے وہ یہ کہ مسلمان علما، مشائخ اور صوفیوں کی دین کی خدمات

میر افسر امان

کے بیان کرتے ہوئے ایک غیر مسلم اور جھوٹی نبوت کا دعویٰ کرنے والے مرزا غلام احمد قادیانی کاذب کو اس کتاب میں شامل کیا، جو نہیں کرنا چاہیے تھا۔ ان کو مسلمانوں کا ایک فرقہ بھی نہیں لکھنا چاہیے۔ وہ سادہ لوح مسلمانوں کو یہ کہتے ہیں کہ ہم بھی دوسرے فرقوں کی طرح اسلام کا ایک فرقہ ہیں۔ اس طرح جھوٹ بول کر سادہ لوح مسلمانوں کو غیر مسلم یعنی قادیانی بناتے ہیں۔ تاریخی طور پر ثابت ہے کہ مرزا قادیانی کو انگریز نے اُٹھایا تھا۔ اس کو اسلام سے جہاد کے فریضے کو ختم کرنے کے کام پر لگایا۔ اس کا ثبوت مرزا کی کتاب کے ایک خط سے ملتا ہے۔ اس نے ملکہ برطانیہ کو لکھا، کہ میں نے مسلمانوں میں سے جہاد ممنوع قرار دے دیا ہے۔ جہاد مخالف کتابوں سے برعظیم کی لائبریریوں کو بھر دیا ہے۔ ایک اور بات کہ مرزائی قادیان سے تعلق کی وجہ سے قادیانی ہیں۔ مصنف نے ان کو بار بار احمدی لکھا ہے۔ وہ احمدی نہیں ہیں۔ سارے مسلمان ان کو قادیانی ہی لکھتے ہیں۔ مرزا غلام احمد قادیانی نے انگریزوں کی ایما پر اسلام میں نقب لگا کر نبوت کا اعلان کیا۔

صاحبو! شیخ محمد اکرام صاحب نے کوثر سلسلہ کی یہ تین کتابیں کافی مطالعے، تحقیق، جستجو اور جان فشانی سے لکھیں ہیں۔ اس میں برعظیم میں مسلمانوں کے ہزار سالہ دور حکومت کے سیاسی، علمی اور دینی معاملات کا خوش اسلوبی سے ذکر کیا ہے۔ یہ کتابیں ہماری لائبریریوں کی زینت بنی چاہیے ہیں۔ ہمیں ان کا مطالعہ بھی کرنا چاہیے۔

اسیر کی توبہ

میدان جنگ میں بڑے زور کا رن پڑا ہوا ہے متحارب ایک دوسرے پر بڑی شد و مد سے حملہ آور ہیں ہر کوئی دشمن کو زیر کرنے کے لئے بڑی

جواں مردی سے لڑ رہا تھا اس دوران ایک مسلمان سپاہی کو پہاڑ کی کھوہ میں ایک بوتل ملی جس میں کوئی سیال شے تھی اس نے بوتل کھولی تو اس کی بو نے بتلا دیا کہ وہ شراب ہے اس صحابی کو نہ جانے کیا سوجھی کہ وہ غٹاغٹ پی گیا پھر ام الخبائث نے جب اثر دکھایا تو وہ الٹی سیدھی حرکتیں کرنے لگا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سپہ سالار کو خبر ہوئی تو انہوں نے انتہائی غضب ناک ہوکر حکم دیا کہ اس کو زنجیروں میں جکڑ دو، میدان جنگ سے واپس بلالو بعد میں فیصلہ کریں گے کہ اسے کیا سزا دی جائے۔ ایک کمانڈر نے کہا: سپہ سالار جنگ ہو رہی ہے، اس سے غلطی ہوگئی ہے حالات کا تقاضا ہے آپ درگزر کریں، دلیر آدمی ہے بہادر ہے، دشمن کی تعداد اور اسباب ہم سے کہیں زیادہ ہیں چھوڑ دیجئے۔! دوسرے نے کہا ویسے بھی جنگ ہو رہی ہے، ہمیں بندے بندے کی ضرورت ہے وہ کسی کو مارے گا یا خود مر جائے گا، اس کو زنجیروں میں جکڑنے کی ضرورت کیا ہے۔؟ چنانچہ ایک نے سپہ سالار کو وقت کی نزاکت کا احساس دلایا سب کی باتیں اور مشورے سن کر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے چہرہ پر تناؤ کم ہوگیا پھر بڑی متانت لیکن پرعزم لہجے میں کہا رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی تلواروں اور بازوؤں پر بھروسہ نہیں کرتا، اللہ کی رحمت پر بھروسہ کرتا ہے، دشمن کی تعداد اور اسباب ہم سے کہیں زیادہ ہیں چھوڑ دیجئے۔! دوسرے نے کہا ویسے بھی جنگ ہو رہی ہے، ہمیں بندے بندے کی ضرورت ہے وہ کسی کو مارے گا یا خود مر جائے گا، اس کو زنجیروں میں جکڑنے کی ضرورت کیا ہے۔؟ چنانچہ ایک نے سپہ سالار کو وقت کی نزاکت کا احساس دلایا سب کی باتیں اور مشورے سن کر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے چہرہ پر تناؤ کم ہوگیا پھر بڑی متانت لیکن پرعزم لہجے میں کہا رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی تلواروں اور بازوؤں پر بھروسہ نہیں کرتا، اللہ کی رحمت پر بھروسہ کرتا ہے، خدا کی قسم! میں اس شرابی کو لڑنے کی اجازت نہیں دے سکتا، مجھے خوف لاحق ہے ابومحجن ثقفی کی وجہ سے میرے رب کی رحمتیں منہ موڑ جائیں گی، فتح شکست میں نہ بدل جائے میرا فیصلہ اٹل ہے جاؤ اسے زنجیریں پہنا دو۔ دو تین سپاہی اٹھے انہوں نے با دل نخواستہ ابومحجن ثقفی رضی اللہ عنہ کو بازوؤں سے پکڑا اور جا کر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے خیمے میں رسیوں سے جکڑ دیا۔ کچھ دیر بعد جب شراب کا نشہ اترا تو اسیر نے دیکھا منظر نامہ بدل چکا ہے وہ میدان جنگ کی بجائے قیدی بنا رسیوں میں جکڑا ہوا ہے اسے اپنی غلطی کا احساس ہوا وہ دل ہی دل میں اللہ تبارک تعالیٰ کے حضور اپنی خطا کی معافی مانگنے لگا پھر اس نے آواز دی کوئی ہے؟ کوئی جواب نہ پاکر اس نے پے درپے آوازیں دینا شروع کردیں اب ابومحجن ثقفی رونے لگ گیا۔ رونے اور سسکیوں کی آوازیں سن کر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے پوچھا کیا بات ہے تم رو کیوں رہے ہو؟

ابومحجن ثقفی کہنے لگا بہن میں کتنا مجبور ہوں لیکن کچھ نہیں کرسکتا مجھے میری ماں کی قسم مجھ سے مسلمانوں کا گرتا ہوا خون دیکھا نہیں جاتا، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی اہلیہ بولیں تم نے گناہ کیا اور سپہ سالار نے تمہیں زنجیروں میں جکڑنے کا حکم دیا ہے میں تمہاری کوئی مدد نہیں کرسکتی

"میری آنکھوں کے سامنے میدان جنگ میں خون کی ہولی کھیلی جارہی ہے ابومحجن ثقفی" کہنے لگا ہائے میں نے یہ گناہ کیوں کیا؟ بہن میں نے اللہ سے سچے دل سے توبہ کرلی ہے مجھ سے یہ برداشت نہیں ہو رہا کہ میرے آنکھوں کے سامنے رسول اللہ ﷺ کے دشمنوں سے لڑائی ہو رہی ہو اور میں بے بسی سے یہ سب کچھ دیکھتا رہوں۔

پھر میں کیا کروں؟ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے جواباً کہا

وہ تڑپ اٹھا کہنے لگا، ہائے میری زنجیروں کو کھول دو، میں نے اپنے گناہوں سے معافی مانگ لی ہے، کوئی کھولنے والا نہیں سب مسلمان میدان جنگ پر چلے گئے آپ کے سوا میری کوئی مدد کرنے والا نہیں اللہ بہن رحم کھائیں، خدا کی قسم اگر زندہ رہا تو خود آ کر زنجیریں پہن لوں گا مجھے رہا کردو، میں نے اپنے اللہ سے معافی مانگ لی ہے ۔روتے روتے ابومحجن ثقفی نے خاتون کے آگے ہاتھ جوڑ دیئے۔ اسی اثناء میں برابر والے خیمے سے رونے کی آوازیں آنے لگیں کسی بچے نے چیختے ہوئے کہا میرے بابا شہید ہوگئے کفار نے بڑا شدید حملہ کیا ہے۔ ابومحجن ثقفی رضی اللہ عنہ کی فریاد، آہوں اور سسکیوں کو دیکھ کر سعد رضی اللہ عنہ کی بیوی کا دل بھر آیا، اس نے زنجیروں کو کھول دیا۔ ابومحجن ثقفی بڑے عزم سے اٹھ کھڑا ہوا اس نے اپنی زرہ نہیں پہنی، بکتر بند بھی نہیں پہنا، سر اور منہ ایک کپڑے میں چھپایا اور ننگے جسم کافروں کی اس صف پر ٹوٹ پڑا وہ دشمنوں کی صفوں میں تن تنہا ایسے لڑ رہا تھا جیسے بجلی کوند رہی ہو ابومحجن ثقفی بڑے عزم سے اٹھ کھڑا ہوا اس نے اپنی زرہ نہیں پہنی، بکتر بند بھی نہیں پہنا، سر اور منہ ایک کپڑے میں چھپایا اور ننگے جسم کافروں کی اس صف پر ٹوٹ پڑا وہ دشمنوں کی صفوں میں تن تنہا ایسے لڑ رہا تھا جیسے بجلی کوند رہی ہو اس نے منظر نامہ ہی بدل کر رکھ دیا حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ایک بلند جگہ پر کھڑے میدان جنگ کا نقشہ دیکھ رہے تھے، کیا دیکھتے ہیں کہ مسلمانوں کی صفیں درہم برہم ہیں، لیکن ایک تنہا آدمی آیا کافروں کی صف الٹ گیا، اور وہ جس طرف بھی گرتا ہے بجلی بن کر گرتا ہے اور دشمنوں کو جلاتا ہوا چلا جاتا ہے، جس طرف کا رخ کرتا ہے کافر کٹے جاتے ہیں درجنوں کے ہاتھ پاؤں تن سے جدا ہوگئے وہ جدھر جاتا دشمن کی صفوں میں کھلبلی مچ جاتی وہ تتر بتر ہونا شروع ہوگئے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سوچنے لگے یہ کوئی غیبی مدد ہے یا کوئی فرشتہ آسمان سے اتر آیا ہے۔ انہوں نے سجدے میں سر رکھ دیا وہ بڑبڑا رہے تھے اے اللہ! اگر یہ فرشتہ نہیں ہے تو میں اپنی تلوار اس کی نذر کرتا ہوں، اس نے دشمن کی صفوں کو الٹ کر رکھ دیا اسی کی کوشش سے اللہ پاک نے مومنوں کو فتح عطا فرما دی ورگرنہ میں بہت پریشان ہو رہا تھا۔ وہ ابھی سجدے میں ہی تھے کہ کسی نے انہیں کندھے سے جھنجوڑ کر خوشخبری سنائی کہ کافر شکست کھا کر بھاگ گئے اور ان کے ساتھیوں کی لاشیں بے گور و کفن میدان جنگ میں بڑی عبرت کا نشان بن رہی ہیں زخمی چلا رہے ہیں۔ سپہ سالار نے سجدے سے سر اٹھایا پھر بڑی بے تابی سے پوچھا وہ کون تھا جس نے جنگ کا نقشہ ہی بدل ڈالا؟

ہم نے اسے بہت تلاش کیا لیکن کوئی پتہ نہیں چلا خوشخبری دینے والا بولا فتح سے سرشار کئی مسلمان سپاہی سپہ سالار کے گرد جمع ہوگئے ہر کوئی اسے کے متعلق دریافت کر رہا تھا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اس جنگ میں بیمار تھے، حرکت نہیں کرسکتے تھے، اسی لیے ٹیلے پہ بیٹھے فوجوں کو لڑا رہے تھے، اپنی چھڑی کو ٹیکتے ہوئے اٹھے، ساتھیوں نے سہارا دینا چاہا، کہنے لگے مجھے چھوڑ دو۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اسی کشمکش میں اپنے خیمے میں آگئے کہ وہ کون تھا جو اس بے جگری سے لڑا کہ کفار کے چھکے چھوٹ گئے درجنوں نے اسے ڈھونڈا، تلاش کیا نہیں ملا اسے زمین نگل گئی یا آسمان وہ سوچ سوچ کر ہلکان ہوگئے اس دوران ان کی اہلیہ بھی آن پہنچیں انہوں نے پوچھا معرکہ کیسا رہا؟ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے سب ماجرا کہہ سنایا

اہلیہ نے مسکرا کر کہا جسے آپ ڈھونڈ رہے ہیں میں اسے جانتی ہوں۔ ان کے چہرے پر حیرت اور خوشی کے ملتے جلتے تاثرات ابھر آئے تم اسے جانتی ہو؟ اہلیہ نے شوخی میں سر ہلا دیا۔

کیسے؟ تم کیسے اسے جانتی ہو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے استفسار کیا کون ہے وہ؟

وہ میرا بھائی ہے اہلیہ نے کہا۔۔۔ تمہارا بھائی سپہ سالار کے لہجے میں حیرت تھی تمہارے بھائیوں کو میں بخوبی جانتا ہوں نہیں وہ تمہارا بھائی نہیں یقیناً کوئی اور ہوگا۔

سعد جس کو تم ڈھونڈ رہے ہو اہلیہ بولیں اس نے اب زنجیریں پہن رکھی ہیں اس نے مجھے اپنی بہن بنالیا ہے پھر ہوا نا میرا بھائی؟

سعد بن ابی وقاص پلٹ کر کہنے لگے تم کیا کہتی رہی ہو میری سمجھ میں تو کچھ نہیں آرہا۔۔۔؟

اہلیہ کہنے لگیں میں درست کہتی ہوں، یہ ابومحجن ثقفی ہے جس نے شراب سے توبہ کی اور تلوار تھام کے میدان جنگ میں چلا گیا اس نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ اگر زندہ لوٹا تو خود زنجیریں پہن لے گا، اب یہ زنجیریں پہن چکا ہے اب وہ میرا بھائی ہے تم یہیں میں اس کی زنجیریں کھول کر یہاں لاتی ہوں۔

نہیں میں اس کے پاس اپنے پیروں سے چل کر جانا چاہتا ہوں۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے کہا جس کی توبہ نے اللہ کی رحمت کو آسمانوں سے زمین پر نازل کیا اور ایک یقینی شکست کو اپنی رحمت سے فتح میں بدل دیا یہ کہتے ہوئے وہ ایک بار پھر اللہ کے حضور سجدہ ریز ہوگئے۔

ذرا جرآت کے ساتھ

میرے کپتان نہ چھیڑ ملنگاں نو، ہمارے معاشرے میں ایک کہاوت ہے ہمیشہ کمزور، بیماری یا چھوٹا بیٹا ماں باپ کا لاڈلا ہوتا لیکن ہمارے ملک

میر اسلم رند

کے حکمران اس بیٹے کی حمایت کرتے ہیں جو طاقتور ہے اس نے بزور طاقت تمام بھائیوں کے اثاثوں پر قبضہ کر رکھا ہے اس کے قبضے 52 سیکٹریز اور 45 وزراء کرتے ہیں، ہمارے صوبے کو اپنی آمدنی سے آنے میں ٹک کے برابر حصہ دیا جاتا ہے تو اس کا بھی حساب مانگا جاتا ہے میرے کپتان ہم ایک وزیراعظم کی حیثیت سے آپ کی بہت عزت کرتے ہیں لیکن آپ جب ہمارے بارے میں الفاظ ادا کرتے ہو تو بالکل نہیں سوچتے کہ آپ کے الفاظوں کے نشتر ہمارے دلوں کو چھلنی کرجاتے ہیں اور ہماری تضحیک ہوتی ہے، اگر آپ ہمیں کچھ نہیں دے سکتے تو کم سے کم ہمیں تکلیف تو نہ پہنچائیں گزشتہ روز آپ نے اپنی تقریر میں ہمیں بلیک میلر کہا ہم نے دل پر پتھر رکھ کر برداشت کیا، کل آپ نے صحافی بھائیوں کے ساتھ ملاقات میں ہماری حیثیت پنجاب کے ایک شہر فیصل آباد کے برابر کردیا آپ کی بات بالکل سچی ہے ہماری آبادی فیصل آباد شہر کے برابر ہے لیکن اس میں میں رہنے والے لوگ 5 ہزار سال سے آباد ہے کسی دوسرے ملک سے آ کر آباد نہیں ہوئے، دوسروں کے زمینوں اور معدنیات پر قبضہ نہیں کیا آپ جیسے بلوچستان کا سمندر دنیا کا گہرا اور وسیع ہے، اسی طرح بلوچستانیوں کا دل بھی وسیع سمندر کی طرح ہے جب پاکستان بنا تو خان آف قلات نے بلوچستان کو پاکستان میں شامل کیا، پاکستان کی دنیا میں حیثیت دلانے کے لئے اپنے خزانے کے تمام ہیرے جواہرات قائد اعظم محمد علی جناح کو دیے تاکہ دنیا میں پاکستان کی حیثیت اور کرنسی کی ویلیو بڑھے آج تک اپنے بچوں کو جنگل کی لکڑی اور کوئلے سے پالا لیکن بڑے بھائی کو اپنا سارا سوئی گیس معدنیات، سمندر دے دیا تاکہ ملک کی حیثیت بڑھے ملک میں خوشحالی آئے اس کمزور بھائی کے سونے اور تانبے کو بڑے بھائی کے حاکموں نے 150 روپے کلو میں فروخت کیا ہے تب بھی یہ کمزور بھائی خاموش رہا بقول آپ سب حکمرانوں کے پاکستان کا مستقبل بلوچستان سے ہیں لیکن چین کے دیئے گئے 54 ارب ڈالر سے تمام موٹروے روڈز، ریلوے لائن، انڈسٹریل زون، ہزاروں واٹ بجلی پنجاب اور سندھ، خیبر پشتونخوا اور گلگت بلتستان میں بنائیں جارہے ہیں مغربی روٹ کا 2 بار افتتاح کرکے ہمیں دھوکہ دیا گیا تب بھی یہ کمزور بھائی خاموش ہے، پاکستان کے سالانہ بجٹ 87 کھرب روپے میں سے پنجاب کو 15 کھرب، پاک فوج کو 11 کھرب، واپڈا کو 5 کھرب، رینجرز کو 6 کھرب، ایف سی کو 4 کھرب، سندھ کو 9 کھرب، خیبر پشتونخوا کو 5 کھرب اس کے علاوہ پی ایس ڈی پی میں ان تینوں صوبوں کو خصوصی گرانٹ ملنے کے باوجود بھی یہ خاموش ہے کیونکہ یہ کمزور ہے اسکے اس کو ڈیڑھ کھرب سالانہ دیا جاتا ہے اس لئے کہ اس کی آبادی کم ہے گزشتہ 50 سال میں وفاقی اداروں کی نوکریوں میں اسے محروم رکھا گیا؟ کیونکہ یہ کمزور ہے جب مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان ایک تھے تو وفاقی حکومت رقبے کی لحاظ سے بجٹ تقسیم کرتا تھا لیکن 1971 میں صوبے بننے کے بعد یہ فارمولا بدل گیا اب آبادی کے لحاظ سے بجٹ تقسیم کیا جاتا ہے، میرے کپتان پاکستان کا ٹوٹل رقبہ 7 لاکھ 96 ہزار مربع کلومیٹر ہے اس میں سے 3 لاکھ 47 ہزار مربع کلومیٹر صرف بلوچستان کا رقبہ ہے، 900 مربع کلومیٹر اس کا سمندر ہے 8 لاکھ مربع کلومیٹر کے برابر اس کا بارڈر ہے اس کا سمندر دنیا کا سب سے گہرا ہے اس کے بارڈر پاکستان کو کئی ممالک سے ملاتے ہیں جس کے ٹریڈ سے پاکستان کی معیشت پر خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے اگر آپ کو نہیں پتہ کسی دن ٹی پر سکھ لینا جب دوسرے صوبے کے جج صاحبان سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس بنتے ہیں تو سب ٹھیک ہوتا ہے جب کمزور صوبہ کا جج سینیارٹی لسٹ کے مطابق چیف جسٹس بنتا ہے تو اس کے خلاف انتقامی کاروائی کی جاتی ہے اس کی مثال 2007 میں جناب افتخار چوہدری اور اب قاضی فائز عیسی ہیں میرے کپتان اس میں بھی کوئی شک نہیں ہم بلوچستان والے آپ سب سے زیادہ پاکستانی ہے اور پاکستان سے پیار کرنے والے ہیں لیکن پشتو کا ایک محاورہ ہے 2 بھائی تیسرا حساب لیرا آپ سے گزارش ہے نہ چھیڑ ملنگاں نو، ورنہ طوفان آجائیگا۔

دل کی دنیا

اس کرہ ارض پر ایک انسان کی دوسرے انسانوں سے محبت ہی وہ بنیادی کلید ہے جس سے یہ دنیا تا حال قائم و دائم ہے، اس میں جوش و خروش ہے، جذبہ ہے، چاہت ہے لگن ہے اور وارفتگی ہے وگرنہ کھاتا پیتا اور سوتا جاگتا

طارق حسین بٹ شان

تو دوسرے حیوانات کی بھی فطرت میں بھی شامل ہے۔ انسان دوسرے انسانوں سے محض اس لئے ممتاز و ممیز ہوتا ہے کہ اس میں محبت کی خوشبو کائنات کو معطر کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ایک انسان کے اندر دوسرے انسانوں سے محبت کا جو جوہر ہے اسے دوسرے انسانوں کا گرویدہ بنا تا ہے اور یہی سے اس کے اندر قربانی اور ایثار کے جذبے موجزن ہو جاتے ہیں جن پر ملائک بھی فخر کرتے ہیں۔ ایثار کی چنگاری پلک جھپکنے میں انسان کو اوج ثریا سے ہمکنار کردیتی ہے اور اس کے سچے جذبوں پر کائنات وجد میں آجاتی ہے۔ یہ کسی تصوراتی، تخیلاتی دنیا (یوٹوپیا) کا خاکہ نہیں ہے بلکہ میں نے اپنی کھلی آنکھوں سے جذبوں کے انمٹ شواہد کا مشاہدہ کیا ہے اور قدرت کی عطا کردہ سب سے گراں بہا نعمت کو راہ وفا میں لٹانے والے جری انسانوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ یقین کیجئے کہ اگر محبت کی بوقلمونیاں نہ ہوتیں تو یہ کائنات مقناطیسی کشش سے محروم ہوتی۔ انسان زندہ تو ہوتے لیکن بے جان مادہ کی مانند جو اظہار کی قوت سے محروم ہوتا ہے۔ انسان کا اصلی کمال اس کے اعلی و ارفع جذبوں کا اظہار اور پھر اس اظہار پر بلا چون و چرا خود کو قربان کرنے کا عزم ہے۔ یہ کمال صرف انسان کو ہی عطا ہوا تھا جس کی بناء پر فرشتے حضور رب العزت سوال اٹھانے کی جسارت کر بیٹھے تھے۔ انھیں جو جواب دیا گیا تھا وہ بھی ہر صاحب علم کی نظر میں ہے۔ رب کعبہ کا یہ کہنا کہ جو میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے انسانی عظمت کا برملا اعتراف ہے، گویا کہ انسانی ہستی رب کعبہ کے جواب کی چلتی پھرتی تشریح ہے۔۔

اپنے جنم پر ہر انسان سب سے پہلے اپنے والدین کے دیدار سے فیض یاب ہوتا ہے۔ ان کی ہستی اس کے لئے رول ماڈل کا درجہ رکھتی ہے۔ وہ ان کی عادات، خصائل، اوصاف، کردار، ایمان، نظریات، اعمال، سوچ، فکر اور نشست و برخاست سے زندگی کی کہنہ و حقیقت سے آشنائی کا سفر شروع کرتا ہے۔ گویا کسی بھی انسان کے سب سے پہلے ہیرو اس کے والدین ہوتے ہیں۔ والدین کا تعلیم سے محروم ہونا یا زیور تعلیم سے آراستہ ہونا کوئی معنی نہیں رکھتا۔ خدا نے بھی والدین سے حسن سلوک کی جو تلقین کی ہے اس میں علم و معرفت کی کوئی شرط نہیں رکھی۔ لہٰذا طے ہوا کہ انسان کے اولین ہیرو ایثار و قربانی کی ایسی جیتی جاگتی تصویر ہوتے ہیں جنھیں والدین کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ عملی زندگی کی منازل طے کرتے وقت ہر انسان کو اپنی زندگی میں بے شمار لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے۔

کچھ لوگ اسے اچھے لگتے ہیں، کچھ لوگ اس کی نگاہوں میں بس جاتے ہیں، کچھ لوگ اس کی فکری سوچ کا محور قرار پاتے ہیں، کچھ لوگ اس کے دل کی دنیا میں تلاطم برپا کردیتے ہیں اور کچھ ایسا تہلکہ مچاتے ہیں کہ ان کے بغیر اس کا جینا محال ہو جاتا ہے۔ وہ شب و روز کی تمیز بھول جاتا ہے، وہ دن اور رات میں فرق کی صلاحیت سے محروم ہو جاتا ہے اور اس کی محبت اتنی شدید ہو جاتی ہے کہ وہ ماورائے عقل و دانش کی تمام حد بندیوں سے آزاد ہو جاتا ہے۔ اسے نہ تو کسی فلسفی کا دماغ درکار ہوتا ہے، نہ ہی کسی ناصح کی زبان درکار ہوتی ہے، اسے نہ تو کسی شاعر کی لطافت درکار ہوتی ہے، اسے نہ ہی کسی مقرر کی فطانت درکار ہوتی ہے، اسے نہ تو کسی مفکر کی ذہانت درکار ہوتی ہے اور نہ ہی اسے کسی فنکار کا قلم درکار ہوتا ہے۔ اسے جستجو ہوتی ہے تو اس پیکر کی جو اس کے اذہان پر قابض ہو جاتا ہے۔ یہ الہامی لمحے اسے ہیرو ورشپ کی ایک ایسی انجانی دنیا کا راہی بنا دیتے ہیں جہاں سے اس کی زندگی ایک نیا موڑ لے لیتی ہے۔ وہ ہیرو شپ کا قیدی بن جاتا ہے اور اس کی زندگی کا محور اپنے ہیروز سے محبت اور ان کی صحبت کی طلبگاری اس کی جد و جہد کا محور قرار پاتی ہے۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ اس سیدھے سادھے سوال کا حتمی جواب ہر انسان کے اپنے مشاہدے، تجربے اور روزمرہ کے واقعات سے جڑا ہوا ہے۔ جیسا اس کا حلقہ احباب ہوگا ویسا ہی اس سوال کا جواب ہوگا۔۔

ہمارے کچھ ہیروز تو ہماری تاریخ کے وہ عظیم المرتبت انسان ہوتے ہیں جن کی فکری اڑان انتہائی بلند ہوتی ہے، ان کی انگنت قربانیاں ہوتی ہیں، ان کی ریاضتیں ہوتی ہیں، ان کی راست بازی ہوتی ہے، ان کا عدل و انصاف ہوتا ہے اور ان کا بے پایاں جود و سخا ہوتا ہے جو ہمیں ان کا اسیر بننے پر مجبور کردیتا ہے۔ کچھ لوگ ہماری نگاہوں کے سامنے ہیرو شپ کی مسند پر جلوہ افروز ہو تے ہیں۔ جیتے جاگتے انسان، جن سے ہم مل سکتے ہیں، جنھیں ہم چھو سکتے ہیں، جن سے ہم ہمکلام ہو سکتے ہیں اور جنھیں ہم روبرو محسوس کر سکتے ہیں۔ ہمارے دوست، ہمارے ہمدرد، ہمارے راہنما، ہمارے سائنسدان، ہمارے سوشل خدمتگار، ہمارے شاعر، ہمارے ادیب، ہمارے موسیقار، ہمارے گلوکار، ہمارے اداکار، ہمارے صوفی، ہمارے مفکر، ہمارے دانشور اور ہمارے فنکار کسی نہ کسی رنگ میں ہمارے ہیرو بنتے ہیں۔ ہیرو بننے کی شرط اولین کسی نہ کسی پہلو سے دوسروں کی خاطر جینا ہی قرار پاتی ہے۔

دوستی ایک نعمت ہے اور حلقہ دوستی میں کئی ایسے لوگ ہوتے ہیں جن کا دل ندی کی طرح نرم اور صحرا کی طرح وسیع ہوتا ہے جنھیں ہم اپنا ہیرو بنا لیتے ہیں۔ دوستوں میں ہر کوئی اس مسند کا سزاوار تو قرار نہیں پاتا لیکن کچھ ایسے دوست ہوتے ہیں جن کی ہمراہی سے انسان خود بھی بڑا بن جاتا ہے۔ اس میں دوست کی خوبیاں اور بڑائیاں در آتی ہیں۔ وہ خاکی وجود سے بلند ہو جاتا ہے۔ اس میں کثافت کی جگہ لطافت جلوہ گر ہو جاتی ہے۔ وہ پیکرِ خاکی ہونے کے باوجود کسی دوسرے لطیف پیکر کا حامل بن جاتا ہے۔ وہ اس کا ذہن تو ارادہ نہیں ہوتا لیکن دیکھنے والی نگاہیں اسے پہچاننے میں غلطی نہیں کرتیں۔ ہر دوست اس مقام کا حامل تو نہیں ہو پاتا۔ یہ صرف چند لوگوں کا مقدر ہوا کرتا ہے۔ کیونکہ اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ بہت سے انسان ذاتی انا اور غرور و تمکنت کے حصار میں مقید ہو جاتے ہیں۔

عہدہ کی بڑائی ان کو مغرور اور کوتاہ نگاہ بنا دیتی ہے جس سے انھیں دوسرے انسان انتہائی پست نظر آتے ہیں اور یوں وہ خود نمائی اور خود ستائی کا اسیر ہو جاتے ہیں۔ ان کی خود ستائی کی یہ ادا انھیں دوسروں سے دور کر دیتی ہے لیکن جو دوست دوسروں کی خوشنودی کو اپنی زندگی کا محور قرار دیتا ہے تو پھر وہ ہیرو شپ کی مسند پر جلوہ افروز ہو جاتا ہے۔ انسان جب دوسروں کی خاطر جینے کی لذت سے آشنا ہو جاتا ہے تو پھر تادم آخر اس لذت سے کنارہ کش نہیں ہو سکتا۔ دوسروں کی خدمت اور ان کی خوشنودی کے لئے شیر کا دل چاہئے اور شیر کا دل رکھنے والے کئی دوست میرے حلقہ دوستی میں ہیں۔ میں انھیں اپنا ہیرو قرار دیتا ہوں کیونکہ انھوں نے میرے اندر زندگی کو بلند نگاہی سے دیکھنے کا جذبہ بیدار کیا ہے۔ دوست موت سے ہم آغوش ہو جاتے ہیں لیکن ان کی ادائیں نہیں مرتیں۔ دل کی دنیا میں ان کی ادائیں سدا راج کرتی ہیں۔ ان کا ساتھ ظاہری پیمانوں کی رو سے تو ممکن نہیں ہوتا لیکن فکری مقام سے ان کی موجودگی سدا محسوس ہوتی ہے۔ مجھے اس وقت امریکی صدر روز ویلٹ کے تاریخی الفاظ یاد آرہے ہیں جو انھوں نے اپنے ہیرو ابراہم لنکن کی یاد میں کہے تھے۔ ان کا کہنا تھا (کہ مجھے اپنے عہد صدارت میں جب کوئی مشکل مرحلہ درپیش ہوتا تھا تو میں ابراہم لنکن کی تصویر کے پیچھے کھڑا ہو کر خود سے یہ سوال کرتا تھا کہ اگر ابراہم لنکن آج زندہ ہوتے تو مشکل کی اس گھڑی میں کیا فیصلہ کرتے؟ ایسا سوچنا تھا کہ فکری میلان اور عقیدت کی لڑی میں پروئی گئی سوچ خود بخود مسئلہ کا حل سامنے رکھ دیتی۔۔)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ایک روشن چراغ اور بجھا

اردو شعر و ادب کا ایک روشن چراغ آج بجھ گیا، نامور شاعر، ماہر لسانیات اور نقاد نصیر ترابی آج کراچی میں انتقال کر گئے نصیر ترابی 15 جون 1945 کو ریاست حیدر آباد دکن میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام رشید ترابی تھا۔ تقسیم ہند کے بعد پاکستان آگئے۔ 1968ء میں جامعہ کراچی سے تعلقات عامہ میں ایم اے کیا۔ 1962ء میں شاعری کا آغاز کیا۔ ان کا اولین مجموعہ کلام عکس فریادی 2000ء میں شائع ہوا۔ ایسٹرن فیڈرل یونین انشورنس کمپنی میں ملازمت اختیار کی اور افسر تعلقات عامہ مقرر ہوئے۔

ان کی عمر 75 برس تھی، حیدرآباد دکن میں پیدا ہونے والے نصیر ترابی معروف شیعہ ذاکر علامہ رشید ترابی کے صاحب زادے تھے۔

ادبی حلقوں میں ان کی تحقیقات اور تخلیقات کو سند کا درجہ حاصل تھا۔ ان کی مشہور زمانہ غزل 'وہ ہم سفر تھا مگر اس سے ہم نوائی نہ تھی' کو عوامی حلقوں میں بے حد پذیرائی حاصل ہوئی۔

نصیر ترابی 15 جون 1945 کو حیدر آباد دکن میں پیدا ہوئے، تقسیم ہند کے بعد پاکستان آگئے تھے، اور کراچی میں سکونت اختیار کی، 1968 میں انھوں نے جامعہ کراچی سے تعلقات عامہ میں ایم اے کیا۔

نصیر ترابی کی شاعری کا آغاز 1962 میں ہوا، ان کا اولین مجموعہ کلام 'عکس فریادی' 2000 میں شائع ہوا، وہ افسر تعلقات عامہ، ایسٹرن فیڈرل یونین انشورنس کمپنی میں ملازم رہ چکے ہیں

شاعر اہلبیت جناب نصیر ترابی کا انتقال کراچی کے ایک اسپتال میں ہوا

علم و ادب کا تابندہ چراغ گل ہوگیا۔ نصیر ترابی خطیب دوراں علامہ رشید ترابی کے بیٹے تھے۔ ایک عہد کی آواز خاموش ہوگئی۔

ہر دلعزیز ممتاز اور قادر الکلام شاعر نصیر ترابی کی رحلت سے آج ایک مرتبہ پھر اردو یتیم ہوگئی

نصیر ترابی 15 جون 1945 کو پیدا ہوئے۔ آپ علمی ادبی اور دینی شناخت والے خاندان کے روشن چراغ تھے۔ خود بھی لسانیات کے ماہر تھے اور زبان و بیان کے معاملے میں کوئی سمجھوتہ اور رورعایت نہیں کرتے تھے نصیر ترابی مستند اعلیٰ درجے کے شاعر اور مشہور



ہونے کے باوجود شہرت سے دور رہتے تھے

سقوط ڈھاکہ کی خبر لے کر معروف شاعر نصیر ترابی کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں اور ایسے ہی انہوں نے ایک غزل تخلیق کی جسے نصیر ترابی کو شہرت کی بلندیوں پر پہنچایا۔

سقوط ڈھاکہ کا واقعہ بیان کرتے ہوئے نصیر ترابی کہتے ہیں کہ 'یہ غزل میں نے سقوط ڈھاکہ پر کہی تھی'۔

انہوں نے کہا کہ ایک دن جب دفتر میں بیٹھا تھا کہ مجھے سقوط ڈھاکہ کی خبر دن کے گیارہ بجے ملی۔

نصیر ترابی کا کہنا تھا کہ مجھے جب یہ خبر ملی تو ایک دم ہی میں ٹپ ٹپ رونے لگ گیا۔

انہوں نے کہا کہ سقوط ڈھاکہ ہمارے لیے بڑا جذباتی مسئلہ تھا تو بس اسی وقت میں نے ایک غزل ترتیب دی۔

یہ غزل نا صرف اس وقت مشہور ہوئی بلکہ آج بھی زبان زد عام و خاص ہے، اسے ڈرامہ 'ہمسفر' کے او ایس ٹی کیلئے قرۃ العین بلوچ نے گایا جس سے اسے مزید شہرت ملی۔

سقوط ڈھاکہ پر نصیر ترابی کی غزل

وہ ہم سفر تھا مگر اس سے ہم نوائی نہ تھی ---------
کہ دھوپ چھاؤں کا عالم رہا جدائی نہ تھی

نہ اپنا رنج نہ اوروں کا دکھ نہ تیرا ملال
شب فراق کبھی ہم نے یوں گنوائی نہ تھی ---------
محبتوں کا سفر اس طرح بھی گزرا تھا
شکستہ دل تھے مسافر شکستہ پائی نہ تھی

عداوتیں تھیں، تغافل تھا، رنجشیں تھیں بہت
بچھڑنے والے میں سب کچھ تھا، بے وفائی نہ تھی

بچھڑتے وقت ان آنکھوں میں تھی ہماری غزل
غزل بھی وہ جو کسی کو ابھی سنائی نہ تھی

کسے پکار رہا تھا وہ ڈوبتا ہوا دن
صدا تو آئی تھی لیکن کوئی دہائی نہ تھی

کبھی یہ حال کہ دونوں میں یک دلی تھی بہت
کبھی یہ مرحلہ جیسے کہ آشنائی نہ تھی ---------
عجیب ہوتی ہے راہ سخن بھی دیکھ نصیر
وہاں بھی آ گئے آخر، جہاں رسائی نہ تھی

عکس فریادی (غزلیات) شعریات (شعر و شاعری پر مباحث و املا پر مشتمل) لاریب (نعت، منقبت، سلام)، اکادمی ادبیات پاکستان کی جانب سے علامہ اقبال ایوارڈ ملا۔ لغت العوام کہا جاتا ہے کہ سقوط ڈھاکہ کے بعد جنگ اخبار کے سرورق پر نصیر ترابی کی غزل چھپی جو 71 میں ایک نوجوان شاعر کے خیالات تھے۔

معاشرے میں لائبریری کا کردار

دنیا کے کسی بھی کامیاب قوم کی کامرانی کا راز حصول علم میں پوشیدہ ہے۔ اور پسماندہ قوموں کی پسماندگی کا

محمد یعقوب محمد حسنی دالبندین

سبب علمی ذرائع سے بیگانگی ہی رہا ہے۔ معاشی اور تعلیمی اعتبار سے معاشرتی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ معاشرے میں بسنے والے افراد مروجہ علوم اور زمانے کے تقاضوں سے آگاہ ہوں، عوام کی علمی سطح بلند، ہر طرف تعلیم کا چرچا ہو۔ تعلیمی اداروں میں کتب خانے اور لائبریریاں موجود ہوں۔ علم کے حصول کا سب سے بڑا ذریعہ ہمارے مدارس، مکاتب، اسکول، کالج اور یونیورسٹیاں ہیں۔ عوام کی رسائی ان تعلیم گاہوں تک بالعموم نہیں ہو پاتی، علم کا فروغ محض تعلیمی اداروں سے ہی ممکن نہیں، بلکہ تعلیمی ترقی اور علم کے فروغ کا ایک مضبوط ذریعہ لائبریری ہے۔

بدقسمتی سے ہمارا صوبہ بلوچستان تعلیمی حوالے سے باقی صوبوں سے پیچھے ہے۔۔ اس طرح خصوصا رخشان ڈویژن صوبے کا تعلیمی حوالے سے پسماندہ ترین ڈویژن ہے۔ ہر دور میں حکومتی عدم توجہی کا شکار ڈویژن ماضی سے حال تک یونیورسٹی تو در کنار یونیورسٹی سب کیمپس سے بھی محروم رہا ہے۔ آج جہاں ہمیں یونیورسٹی کالجز اسکولوں کی ضرورت ہے اس کے ساتھ ساتھ مختلف شہروں دیہی علاقوں قصبوں میں ہمیں لائبریریوں کے قیام و استحکام پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ تعلیم کو عام کرنے کا جو راستہ تعلیمی اداروں سے نکلتا ہے، وہ کتب خانوں میں آکر مل جاتا ہے اور ان دونوں کے باہمی تعاون سے ہی ہمارے سماج اور معاشرے میں علم کا اجالا پھیلتا ہے، لائبریریاں، علوم و فنون اور معلومات کے حصول کا بہترین ذریعہ ہیں۔ علم کے متوالوں کو یہاں ہر قسم کا علم بغیر کسی پابندی اور رکاوٹ کے مل جاتا ہے اور ہر شخص آسانی سے بقدر ظرف مستفید ہو سکتا ہے۔ دنیا کی کوئی بھی ترقی یافتہ قوم لائبریری سے بے نیاز نہیں رہ سکتی، لائبریری کی اہمیت و افادیت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا خاص طور سے تعلیمی و تدریسی زندگی میں تو لائبریری کی اہمیت کئی گنا بڑھ جاتی ہے اس کے بغیر تعلیمی سفر کو منزل سے ہمکنار نہیں کیا جاسکتا۔

سب کچھ چلتا ہے

بلی بلی میں فرق ہے، کوئی پہاڑ کی چوٹی پر کوئی گھر کے کونے میں پرانے دور میں غالب اب بھی دیہاتی

سید غلام حیدر شاہ قلندری

علاقوں میں لوگ جست اور دوسری دھاتوں کے برتن کاندھوں پر اور خاص طور پر گدھوں یا گدھا گاڑی اور ریڑھیوں پر برتن بیچتے تھے۔ جہاں وہ نئے برتن بیچتے تھے وہیں پر پرانے برتن کم ریٹ میں خرید بھی لیتے تھے۔ ان میں سے کچھ تو دور علاقوں سے آئے ہوتے ہیں اس لیے رات وہیں پہ گذارتے ہیں۔ پہلے گاؤں میں بڑی بیٹھکوں کا رواج ہوتا تھا جہاں پہ مسافروں کو کھانے پینے کے ساتھ سونے کے لیے بستر بھی دیا جاتا تھا، آج بھی کافی جگہوں پہ ایسے نیک انسانوں کے ہاں بیٹھکیں چلتی ہیں، مگر کچھ ان نیک لوگوں کی دائمی زندگی کی طرف منتقلی کے بعد پیچھے پھر جدیدیت کے اثر کے باعث ان آستانوں پہ تالے لگ گئے۔ اُس کی وجہ یا تو لواحقین اور ان کی آپس میں جائیداد کی تقسیم میں رسا کشی بھی ہوسکتی ہے یا دوسرا عنصر جو واضح دکھائی دیتا ہے وہ بیٹھکوں کی جگہ پہ ہوٹلوں کا قیام ہے، جہاں پہ دوستوں کی محفلیں لگتی ہیں۔ پہلے بیٹھکوں پہ پیر مرید اور گاؤں والے سارے مل کر ایک دوسرے سے دکھ درد بیان کرتے تھے، اتنی باہمی محبت ہوتی تھی کہ ایک گاؤں میں ایک ہی بیٹھک کافی سمجھی جاتی تھی، جہاں غم اور خوشی کی رسموں سے لیکر فیصلے بھی ہوجاتے تھے، ساتھ ساتھ قریب ہی مسجد اور تعلیم کے لیے ایک کمرا مولوی کا بھی ہوتا تھا، جہاں مذہبی تعلیم دی جاتی تھی۔ جہاں وقت کی طوفانوں اور تیز رفتاری نے بہت کچھ تباہ اور برباد کیا وہاں ہماری محبتوں والا ماحول، رہن سہن اور ثقافت بھی متاثر ہوئی ہے۔ جہاں گھروں کو تنگ کرکے ان ہی میں بیٹھک بنانے کا رواج ہوگیا ہے، وہیں پہ اُن نیک مردوں کا فی سبیل اللہ کھانا پکانے کا نظام بھی چھوٹ گیا۔ جبکہ ماضی میں ہم نے دیکھا ہے کہ ایک بیٹھک پہ سارے گاؤں والوں کے دن مقرر ہوتے تھے یا ہر کوئی اپنا کھانا لیکر آتا تھا، جیسے مدرسہ میں فقیر کی روٹی ہر ایک گھر سے ان یتیم پردیسی بچوں کے لیے لائی جاتی تھی، وہیں گھر کی مالکن مہمانوں کے لیے ہر وقت کھانا تیار کرنا اپنی خوش نصیبی سمجھتی تھی۔ اب مہمان تو دور، بیچارے گھر والوں کو بھی ہوٹلوں کی روٹی کا انتظار ہوتا ہے۔ جیسے جیسے وقت بدلا ویسے ویسے غذاؤں کی تبدیلی جہاں معاشرتی بیماریاں لائیں، وہیں ذہنی، روحانی اور جسمانی امراض بھی برپا ہوئے جن کا علاج ابھی تک دریافت نہیں ہوا۔ اصل چلا گیا ہے اور اس کی جگہ پہ نقل نے جگہ بنائی ہے، اب تو مسکرانا بھی نقلی بن گیا ہے، ساری واسطے رشتے مطلب پر قائم ہیں، وہاں یہ بلیاں جب زمانے کے تغیرات اور ان برتن بیچنے والوں کی ٹھوکریں برداشت کرگئی ہیں تو ان کو زمانے کے حاسدین کی ٹھوکریں بھلا کیا کہیں گی؟ مگر ایک بات ضرور ذہن نشین کریں، اُسی برتن بیچنے والوں کی بلی کی جگہ پہ کہیں ہوٹل والی بلی جو کہ حائی کی عادی ہے وہ آ کے بیٹھے تو؟ تو بہتر ہے کہ ہر کسی کے گھر ان برتن بنانے والوں کی طرح مہمان بن کر مت جانا۔ بلی بلی میں فرق ہوتا ہے، ایسا نہ ہو کہ مٹھیاں بند کرکے بھاگنا پڑے اور کہنا پڑے سب کچھ چلتا ہے۔

☆☆☆☆☆

جعفرآباد کا گرین بیلٹ (گنداخہ تباہی کا شکار)

رقبہ کے لحاظ سے بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے مگر اس میں زرعی آبادی صرف نصیر آباد

نور حسن جمالی

ڈویژن میں ہوتی ہے جس میں خریف میں چاول جبکہ ربیع میں گندم کاشت کی جاتی ہے بدقسمتی سے حکمرانوں کی نااہلی و عدم توجہ اور محکمہ ایریگیشن کی کھلی کرپشن کی وجہ ضلع جعفرآباد کی تحصیل گنداخہ مکمل طور پر تباہ ہوچکی ہے اس کی سب سے بڑی وجہ پانی کی فروخت ہے تحصیل گنداخہ کو آباد کرنے کیلئے محکمہ ایریگیشن کی جانب سے دو سسٹم ہیں جن میں نور پور سسٹم اور باغ ہیڈ سسٹم ہیں قبولہ سے نکلنے والے نہر سے جعفرآباد پل کے مقام پر پانی کی تقسیم کا اک سسٹم ہے جس میں گنداخہ شاخ اور نور پور شاخ لنڈی اور سیر مائنر الگ ہوتے ہیں اگر دیکھا جائے تو جعفرآباد پل پر ہی با اثر زمینداروں کی درجنوں لفٹ مشینیں چل رہی ہے اور اس کے اوپر جو مشینیں چل رہے ہیں ان کی تعداد ہی معلوم نہیں ہے اس کے بعد گنداخہ شاخ پر نظر ڈالی جائے تو زیرو آر ڈی سے دس آر ڈی تک دو درجنوں سے زاید غیر قانونی لفٹ مشینیں چل رہی ہے اور کسی بھی واٹر کورس کا سائز بھی برابر نہیں ہے جس کی وجہ سے 58 آر ڈی پر مشتمل گنداخہ شاخ کا پورا پانی دس آر ڈی پر ختم ہوجاتا ہے جبکہ نور پور اور لنڈی مائنر کا بھی یہی حال ہے جبکہ سیر مائنر میں تو خریف کے موسم میں پانی کا نام و نشان بھی نہیں ہے دوسری جانب باغ ہیڈ کے مقام پر بنائے گئے ریگولیٹر کا یہ حال ہے وہاں سے نکلنے والے قبو شاخ کو جان بوجھ کر بھل صفائی نہیں کروائی جاتی تاکہ بالکل ٹیل تک پانی پہنچنے کا کوئی امکان ہی نہ رہے جبکہ سارا پانی با اثر افراد کے شاخوں میں چلا جائے جبکہ پانی کی کمی کا اصل سبب پانی کی غیر قانونی فروخت ہے جو کہ محکمہ ایریگیشن کررہی ہے خریف میں غیر قانونی اور ربیع میں پانی کی قانونی فروخت غیر بیج پیرون کو کی جاتی ہے قانونی طور پر پیرون کو پینے کیلئے پانی دینے کیلئے سیف شاخ بنایا گیا تھا جس کو اب اپ گریڈ کرکے اس میں دو دروازے ڈالے گئے ہیں جس کو خریف میں جون جولائی میں غیر قانونی اور پندرہ اگست سے ربیع کے نام پر مکمل طور پر کھول کر قانونی پانی دی جاتی ہے یاد رہے کہ ربیع کا سیزن پندرہ نومبر سے شروع ہوتی مگر یہاں اندھیر نگری ہے جس کی وجہ سے تحصیل گنداخہ کی تباہی کی جارہی ہے آج جب تحصیل گنداخہ میں پانی کی شدید کمی کی وجہ سے گندم کی تیار فصل تباہ ہو رہی ہے مگر محکمہ ایریگیشن کچھ سننے کو تیار ہی نہیں مگر سنے بھی کون نہ تو تا حال ایکسین ایریگیشن کھیر تھر کینال کو تعینات کیا گیا ہے اور نا ہی کسی شاخ پر کو دار و نظر آرہا ہے کاشتکاروں نے حکومت بلوچستان سے درد مندانہ اپیل کیا ہے کہ فوری طور نوٹس لیکر گنداخہ کو پانی فراہم کیا جائے۔

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد

شال بقیہ 1
بریفنگ دی گئی۔ذرائع کے مطابق عمران خان نے نوجوان اسامہ ستی کے قتل کے واقعے کو افسوسناک قرار دیا اور کہا کہ اس کیس کو انصاف کے لحاظ سے مثالی بنائیں گے۔انہوں نے وزیر داخلہ شیخ رشید کو اسامہ ستی قتل کا معاملہ دیکھنے کی ہدایت کی اور کہا کہ اس نوجوان کے قتل کیس کی شفاف انکوائری ہوگی۔ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے کابینہ اجلاس میں براڈ شیٹ معاملے پر وزراء کو حقائق قوم کے سامنے رکھنے کی ہدایت کی اور وزیر اطلاعات کو اس معاملے پر حقائق بتانے کا ٹاسک دیا۔انہوں نے وزیر اطلاعات شبلی فراز سے کہا کہ قوم کو بتائیں کہ براڈ شیٹ کو ان لوگوں نے کیسے خریدنے کی کوشش کی۔ذرائع کے مطابق اجلاس میں وزیر توانائی عمر ایوب نے بجلی کے ملک گیر بریک ڈاؤن پر تفصیلی بریفنگ دی اور ابتدائی رپورٹ کابینہ اجلاس میں پیش کردی۔اس پر عمران خان نے کہا کہ بجلی بریک ڈاؤن کے بارے میں مختلف باتیں زیر گردش ہیں،اس بارے میں قوم کو حقائق بتائیں اور حکومتی اقدامات سے آگاہ کیا جائے۔کابینہ اجلاس میں سانحہ مچھ پر بھی بریفنگ دی گئی، اس پر وزیراعظم نے کہا کہ وفاق نے 3 وزراء کوئٹہ بھیجے جبکہ پی ڈی ایم نے مچھ واقعے پر سیاست کی جو افسوسناک ہے۔دریں اثناء وزیر اعظم عمران خان سے وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ طارق بشیر چیمہ نے ملاقات کی جسمیں طارق بشیر چیمہ نے وزیراعظم کو ہاؤسنگ منسٹری کے تحت جاری متفرق منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔۔وزیر اعظم کے تفویض کردہ اہداف کے مطابق وفاقی حکومت کے ملازمین کیلئے جاری منصوبوں پر پیش رفت کو وزیر اعظم نے سراہا۔وزیر اعظم نے کہا کہ عوام کیلئے ذاتی اور سستی رہائش کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور جاری منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کو یقینی بنایا جائے۔

شال بقیہ 2
کی پیشکش کی گئی،انہوں نے ٹھکرادی۔منگل کو چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی زیرصدارت اجلاس میں حکومت کی جانب سے پارلیمان اور صوبائی حقوق کو سلب کرنے کے بارے اپوزیشن کی تحریک پر بحث کی گئی۔سینیٹر نصرت شاہین نے کہا کہ بجلی، گیس بحران پچھلی حکومتوں کی بدولت ہے،گزشتہ حکومتوں نے ملک کو بہت بحران دیئے۔سینیٹر بہرہ مند تنگی نے کہا کہ ہمارے وزیراعظم یوٹرن کے ماسٹر ہیں،موجودہ حکومت نے آرڈیننس کی فیکٹری کھول رکھی ہے،ملک میں مہنگائی بڑھ رہی ہے،وزیراعظم خود تسلیم کرتے ہیں ہماری ٹیم تجربہ کار نہیں۔سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ پی ڈی ایم کہتی ہے خواجہ آصف اور دیگر کو رہا کرو ان کے مطالبات نہ ماننے والے ہیں،پی ڈی ایم کہتی ہے استعفے دیں گے جب کہا جائے کہ استعفے دیں تو غش ہوجاتی ہے،پی ڈی ایم کے غبارے سے ہوا نکل چکی ہے۔سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ پی ڈی ایم کے جلسے میں ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر تھا،عوام نے حکومت کو مسترد کردیا ہے،حکمرانی آئین کے ذریعے ہوتی ہے،آرڈیننس جاری کرکے پارلیمان کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا ہے۔انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کرکے پھر بھی قانون سازی نہیں ہورہی،کے پی کے میں عوام کو صحت کی سہولیات میسر نہیں ہے،حکومت نے سندھ کے لیے کچھ نہیں کیا،آئی جی کیسں چلنے کی بجائے جل رہی ہیں،کے پی کے بھی آرڈیننس کے ذریعے چل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ تباہی سرکار نے ہر طرح کی تاریخ رقم کی ہے،ملک میں حکمرانی معلوم نہیں کہاں سے چل رہی ہے،حکومت سے کوئی بھی شعبہ نہیں چل رہا،ملک میں کورونی کچھ چلن ازم چل رہا ہے،انڈیا نے ہمیشہ پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کی ہے،بین الاقوامی سطح پر سفارتی ذرائع بالکل ناکام ہوکر رہ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ نیا پاکستان سے پرانا پاکستان بہتر تھا لوگوں کو کھانے پینے کی اشیا مناسب ریٹ پر مل رہی تھی،ملک کا سب سے بڑا مسئلہ غذائی قلت اور بے روزگاری ہے،پاکستان کے تمام ادارے تباہ کردیئے گئے ہیں فرد واحد ملک نہیں چلا رہا،این آر او ہم نہیں مانگ رہے حکومت این آر او مانگ رہی ہے ،ہم بیک ڈور سے اقتدار میں کبھی نہیں آئے ہم نے ہمیشہ کام کیا ہے۔

شال بقیہ 3
پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی،رکن صوبائی اسمبلی شاہینہ کاکڑ ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری حافظ عبدالباسط،آئی جی پولیس محسن حسن بٹ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن اسفند یار کاکڑ،سی سی پی او کوئٹہ محمد اظہر اکرام سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔اجلاس سے بات چیت کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لئے مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات اٹھائے جارہے ہیں جبکہ اسد خان کی بازیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی ہے جس کا کریڈٹ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو جاتا ہے۔انہوں کا کہنا تھا کہ لوگوں کی جان ومال کا تحفظ ہمارا بنیادی مقصد ہے اور اس مقصد کے حصول میں ہر ممکن اقدام کو یقینی بنایا جارہا ہے جبکہ امن وامان کی بحالی میں عوام کا تعاون بھی بنیادی اہمیت کا حامل رہا ہے اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ نے اسد خان اچکزئی کی جلد از جلد بازیابی کے لیے بھی احکامات دیے۔

شال بقیہ 4
طور پر آسودہ زندگی گزارنے کے قابل ہوسکتی ہے۔گورنر یاسین زئی نے کہا ہے کہ ہمیں احساس ہے کہ عالمی وبا کرونا وائرس سے پیدا ہونے والی صورتحال بالخصوص محنت کش طبقے پر بہت گراں گزری ہے اور اس سے مسائل اور مشکلات میں مزید اضافہ ہوا ہے تاہم وفاقی اور صوبائی حکومتیں احساس کفالت پروگرام اور مستحقین کو انکی دہلیز پر راشن پہنچانے سے مشکلات میں کافی حد تک کمی کا باعث بنا۔انہوں نے کہا کہ زیادہ تر کش طبقہ ہی ہے جو دن رات محنت کرکے ملکی پیداوار میں اضافہ کا باعث بنتا ہے۔

شال بقیہ 5
کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ پولیو کے خاتمے کے لیے حکومتی اقدامات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں تاکہ بحیثیت ذمہ دار شہری ہم پولیو جیسے موذی مرض پر قابو پالیں۔انہوں نے مزید کہا کہ والدین پر اجتماعی اور انفرادی طور پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ پولیو کے خاتمے کے لیے اپنے بچوں کو ہر بار قطرے ضرور پلائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

شال بقیہ 6
کئے اور افغان باشندوں کی سہولت کے لئے نظرثانی شدہ ویزا پالیسی کے اجرا کے بارے میں انہیں آگاہ کیا۔وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ زور دے کر یہ بات کہی ہے کہ افغان تنازعے کا کوئی فوجی حل نہیں ہے اور یہ کہ آگے بڑھنے کا واحد حل مذاکرات کے ذریعے ایک سیاسی تصفیہ ہے۔

شال بقیہ 7
کے معیار ہے اس پسماندہ اور غریب صوبے کے بچوں کا مستقبل اساتذہ سے وابستہ ہے انہوں نے کہا کہ پہاڑوں پر جانے سے مسائل ومشکلات حل نہیں ہوتے بندوق کا نہیں قلم کی جنگ ہے مسائل و مشکلات کا حل علم حاصل کرنے میں ہی مضمر ہے قومیں دنیا پر علم کے بل بوتے پر حکمرانی کررہی ہے اپنی تقدیر ہم خود ہی تبدیل کرینگے اسی لئے شعبہ تعلیم اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کی صورتحال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ژوب کالج تباہ وبرباد ہوگیا ہے ژوب اور شیرانی دونوں اضلاع کے طلبا ژوب کالج میں زیر تعلیم ہے شیرانی کالج میں تعینات ڈیوٹی نہ کرنے والے چند اساتذہ کا ژوب کالج تبادلہ کرایا اگر اساتذہ نے احکامات پر عمل نہ کیا تو انکے خلاف ہر ممکن کارروائی عمل میں لانے سے گریز نہیں کرونگا بوائز کالج کو حقیقی معنوں میں کالج بنانے کا عزم کررکھا ہے۔

شال بقیہ 8
جانب سے خصوصی کمیٹی کے قیام کی تجویز کی باوجود ڈپٹی چیئرمین خلاف قرارداد اور تحریک التوا ایوان میں پیش کرنے سے پیچھے ہٹنے پر آمادہ نہ ہوئے۔صحافیوں سے گفتگو میں سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ نیب کے خلاف قرارداد اور تحریک التوا کے فیصلے پر قائم ہیں مشیر برائے پارلیمانی امور بابر اعوان کا کہنا ہے کہ ڈپٹی چیئرمین کے نیب کے حوالے سے تحفظات پر فیصلہ چیئرمین سینیٹ ہی کریں گے۔نیب سے متعلق تحفظات پر پارلیمنٹ ہاؤس میں ایک اور بیٹھک لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔چیئرمین سینیٹ نے نیب معاملے پر اہم مشاورتی اجلاس (آج) بدھ کو طلب کیا ہے۔ اجلاس میں مشیر پارلیمانی امور بابر اعوان، قائد ایوان شبزاد وسیم مشیر برائے احتساب شہزاد اکبر، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سلیم مانڈوی والا شریک ہوں گے۔ اجلاس میں اپوزیشن کی قرارداد،تحریک التوا پر حتمی فیصلہ ہوگا۔

شال بقیہ 9
کاکڑ سیکرٹری فارسٹ صدیق مندوخیل سیکرٹری ٹورزم محمد اصغر حریفال پروجیکٹ ڈائریکٹر نصیر احمد بکٹیل بزدار انعام کاکڑ، صنم زیب ڈپٹی سیکرٹری انوائرمنٹ فاروق احمد ڈپٹی کنوز ویٹر عمر فاروقق بقہ پٹی سیکرٹری فنانس ڈپٹی سیکرٹری پی اینڈ ڈی نے شرکت کی اعلی سطح اجلاس میں زیارت ڈولپمنٹ پروجیکٹ کا جائزہ لیا صوبائی وزیر پی اینڈ ای،وا سا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ زیارت ڈولپمنٹ پروجیکٹ (پی یو یو) کے ذریعے زیارت کا بہت بڑا دیرینہ مسئلہ زیارت ٹاؤن ماسٹر پلان مکمل کرلیا ہے کنسلیٹ کی مدد سے جس میں زیارت کو جدید ترین ماڈل ٹورسٹ ٹاؤن بنایا جائے گا ٹاؤن کی ماسٹر پلاننگ 2040 تک کی گئی ہے جس میں زیارت کے تمام تر مسائل کیلئے سلوشن اور پروجیکٹ تیار کیا ہوا پورے ٹاؤن کیلئے نیا واٹر سپلائی سسٹم جو سال 12 مہینے فعال ہوگا، ٹاؤن کیلئے مکمل انڈر گرانڈ سیوریج سسٹم،تمام سڑکوں کی وسیع پیمانے پر بہتری اور خوبصورتی ہوگی، ٹاؤن کے اندر نئی سڑکوں اور بائی پاس ، پارکنگ کی جگہیں شہر کے اندر، تعمیر اور بحالی، زیارت پارک کی بہتری اور نئے پارک کی تعمیر، ریسٹورنٹ، زیارت بازار کلب، زیارت بازار کی بحالی، زیارت بازار کیفے، جاتی لیک ویو پارک، پانی کی فراہمی مزید ڈیم کی تعمیر تاکہ مستقبل میں توسیع کی بنیادی ڈھانچے جیسے منصوبے شامل ہے اور مینجر پریسر کنٹینز، ماحولیات،، آب و ہوا، سیلاب اور رسک مینجمنٹ، ٹورازم مینجمنٹ پلان، پانی اور صفائی کا انتظام ،بلڈنگ ریگولیشنز، پائیدار ترقی کے لیا تجاویز شامل ہے۔

شال بقیہ 10
منٹ سپیریئر ایگزیکٹو الاؤنس ختم کردیا ہے عوامی محکمہ خزانہ یا کسی بھی ذیلی دفتر کے حوالے سے جاری کردہ نمبر پر شکایات درج کروائیں ، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، میر ظہور بلیدی نے کہا کہ صوبائی حکومت قومی خزانے پر بوجھ کم سے کم کرنے کے لئے اقدامات کررہی ہے اس سلسلے میں کابینہ کی منظوری کے بعد محکمہ خزانہ نے گریڈ 20 یا اس سے زائد کے ریٹائر ہونے والے افسران کو ملنے والا سپیریئر ایگزیکٹو الاؤنس ختم کردیا ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ خزانہ مزید کفایت شعاری کے اقدامات اٹھائے گا تاکہ صوبے کے خزانے پر بوجھ کو کم سے کم کرکے اسے مستحکم کیا جاسکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ریٹائر ہونے والے 3091 ملازمین کے 182.1 ارب روپے کے گروپ انشورنس کے کیسز زیر التواء تھے جنہیں بلوچستان ایمپلائز گروپ انشورنس فنڈ کے بورڈ آف ٹرسٹیز نے کلیئر کردیا ہے جس پر سیکرٹری خزانہ اور انکی ٹیم داد کی مستحق ہے۔

شال بقیہ 11
سے گفتگو کی گئی۔ پاک فوج کے سربراہ نے کہا کہ افغانستان میں امن کا مقصد پاکستان میں امن ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایک مستحکم ،خوشحال افغانستان نہ صرف افغانستان کیلئے بلکہ پاکستان کے بھی قومی مفاد میں ہے ۔کریم خلیلی نے افغان امن عمل اور پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات کی بہتری کیلئے آرمی چیف کے وژن کی بھی تعریف کی۔

شال بقیہ 12
کی ترقی اور مقامی لوگ ہماری ترجیحات میں شامل ہیں ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈولپمنٹ اتھارٹی شاہ زیب کاکڑ نے وجتی ستی گوادر وریلہ جنوبی میں افتتاحی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا ڈولپرز اور بلڈرز کے لیئے ہم نے اپنے بائے لاز تبدیل کئے اب آپ کی ذمہ داری ہے کہ اپنے ہاؤسنگ اسکیمات کی تعمیرات کے حوالے سے ہمارے ساتھ تعاون کریں الاٹیز کی تمام تر سہولیات کا خیال رکھا جائے یہ علاقہ انڈسٹریل زون ہے ہمارے قواعد وضوابط کو مدنظر رکھکر کام کریں۔

شال بقیہ 13
اصغر کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق تعیناتی کے منتظر ظفر علی بلیدی کو سیکرٹری محکمہ وومن ڈولپمنٹ تعینات کردیا گیا ہے۔

شال بقیہ 14
کردہ اعلامیہ کے مطابق سیکرٹری انفارمیشن شاہ عمر فان احمد کو کمشنر مکران ڈویژن جبکہ کمشنر مکران ڈویژن طارق قمر بلوچ کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی اعلامیہ کے مطابق تعیناتی کے منتظر عبدالولی کاکڑ کو ڈائریکٹر جنرل انوائرمنٹ پروٹیکشن تعینات کردیا گیا ہے۔

شال بقیہ 15
نے سیکرٹری صحت نور الحق بلوچ سے ملاقات کی وفد میں صوبائی جنرل سیکرٹری غلام نبی خاکسانی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد طاہر ہوتک ،وائس چیئرمین ریاض احمد کولہ سمیت دیگر شامل تھے۔اس موقع پر صوبائی صدر نے سیکرٹری صحت سے مطالبہ کیا کہ کورونا الاؤنس یکساں بنیادوں پر تمام ملازمین کو دیئے جائیں فوت شدہ ملازمین کو شہید کا درجہ دیا جائے سروس اسٹرکچر آرڈر فوری طور پر جاری کئے جائیں جبکہ نیچ میشن کوئٹہ میں میڈیکل ٹکنیشن ، ڈینٹل ٹکنیشن ،طبیب اسسٹنٹ کو شامل کیا جائے اسکے علاوہ اپ گریڈیشن ودیگر مسائل زیر بحث لائے گئے۔

شال بقیہ 16
ہوگئی ہے کہ ڈائریکٹر جنرل کی پوسٹ محکمے کا اور محکمے کے افسران کا بنیادی حق ہے انہوں نے کہا ہے کہ محکمہ کے ڈائریکٹر جنرل کی پوسٹ خالصتاً ایک پروفیشنل اور ٹیکنیکل پوسٹ ہے جس کو صرف محکمے کے اپنے آفیسرز زیادہ بہتر اور پروفیشنل انداز میں سمجھ سکتے ہیں جب سے محکمے سے ڈی جی کی پوسٹ چھینی گئی اور محکمہ کو ایڈہاک ازم کی بنیاد پر چلایا جارہا ہے جس کی وجہ سے ملازمین میں اضطراب اور بے چینی پائی جاتی ہے اور محکمے کا پروفیشنلزم بھی متاثر ہورہا ہے انہوں نے کہا ہے کہ محکمہ میں کام کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے مطالبہ کیا تھا کہ ڈی جی کی پوسٹ محکمہ کو واپس کی جائے کیونکہ پروفیشنل اور ٹیکنیکل نوعیت کی کام کی وجہ سے محکمہ کو صرف محکمہ کا آفیسر ہی بہترین انداز میں چلا سکتا ہے۔

شال بقیہ 17
ترامیم ،ایف آئی اے ایکٹ 1974ء کے تحت ایف آئی اے کمرشل بینک سرکل لاہور کو پولیس اسٹیشن کا درجہ دینے،قومی طب کونسل میں ممبران کے انتخابات اور ایڈمنسٹریٹر تعینات کرنے ،پٹرولیم ڈویژن کے زیر انتظام پبلک سیکٹر کمپنیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز پر ایکس آفس ڈائریکٹرز کی نامزدگیوں میں تبدیلی اور یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تنظیم نو کی منظوری دیدی ۔منگل کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں کابینہ نے اسلام آباد جاں بحق ہونے والے نوجوان اسامہ ستی کے والدین کے ساتھ قانونی کارروائی اور انصاف کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی۔اعلامیہ کے مطابق کابینہ کو تیل کی اسمگلنگ روکنے کی خاطر لئے گئے اقدامات کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔کابینہ کو بتایا گیا کہ غیر قانونی اور اسمگل شدہ تیل کی فروخت سے حکومت کو 180 ارب روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے۔

شال بقیہ 18
معدنیات ظفر بخاری سمیت سیکرٹری آئی ٹی یاور حسین، کمشنر کوئٹہ ڈویژن اسفند یار کاکڑ ودیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ نے بتایا کہ جیل خانہ جات کے بہتر انتظام کے لیے اصلاحاتی پروگرام کے تحت صوبے کے تمام جیلوں میں قیدیوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی، اسکل ڈویلپمنٹ، دینی و ریگولر تعلیم سمیت بہتر خوراک کی فراہمی کے علاوہ عدالتوں اور متعلقہ سرکاری محکموں سے بروقت معلومات کے اشتراک کے لئے سوملین روپے کی لاگت سے پی ایم ایس سسٹم لگایا جائے گا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ مچھ جیل میں ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے قیام کے لئے تقریباً پچاس ملین روپے کی حکومت نے منظوری دے دی ہے اسی طرح جیلوں میں ویڈیو لائبریری کے قیام کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں۔اجلاس کو سیکرٹری آئی ٹی نے کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ پر پیش رفت اور پروجیکٹ کے نظرثانی شدہ پی سی ون اور ٹی او آرز سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ پیپرا کی جانب سے نظرثانی شدہ پی سی ون اور ٹی او آرز 25 نومبر 2020 کو پی ایم یو کو موصول ہوئے ہیں جس کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد پتہ چلا کہ پی سی ون میں کافی ابہام پایا جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ سیف سٹی منصوبہ شہری سیکورٹی کے حوالے سے اہمیت کا حامل ہے۔

شال بقیہ 19
ترقی میں جاپان کے کردار کی تعریف کی۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے تعلقات دیرینہ ہے،جاپان نے مشکل حالات میں بھی ہمیشہ پاکستان کی مدد کی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کرونا کی وبا کے خلاف جاپانی مدد پر حکومت کے شکر گزار ہیں۔جاپانی سفیر نے کہا کہ پاکستان میں امن وامان سے متعلق اقدامات کو سراہتے ہیں۔پاکستان کی ترقی کے لئے پر امید ہیں۔جاپانی سفیر نے آئی سی ٹی کی سکیورٹی اور پولیس چیک پوسٹوں کے حوالے سے حالیہ اقدامات کی تعریف کی ۔جاپانی سفیر نے کہا کہ غیر ضروری چیک پوسٹیں ختم کرنے سے عوام کی آمدورفت میں سہولیات پیدا ہوئی ہیں۔

شال بقیہ 20
روپے اور اختیارات تبدیل کرنے کی ضرورت ہے ڈنڈے کے زور پر بھی ٹیکس اہداف پورے نہیں کئے جاسکتے ،ایف بی آر کے افسران نے ٹونسز کا اجراء اپنا مشغلہ بنا لیا ہے جس سے ٹیکس دہندگان تنفر ہورہے ہیں۔ پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر آفتاب حسین تاگرہ ،سینئر نائب صدر قاری حبیب الرحمن زبیری اور دیگر عہدیداران نے وزیر اعظم عمران خان کے نام لکھے گئے کھلے خط میں مطالبہ کیا ہے کہ ایف بی آر کی جانب سے نوٹس بازی کو روکا جائے ٹیکس دہندگان پہلے ہی حکومت سے نالاں ہیں۔

شال بقیہ 21
آرہی ہیں۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ رواں مالی سال جولائی تا نومبر عرصہ میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 4.7 فیصد کا اضافہ ہوا،نومبر 2020 میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں نومبر 2019 کے مقابلے میں 14.5 فیصد اضافہ ہوا، پاکستان میں صنعتوں کی ترقی میں واضح طور پر نظر آرہی ہے۔

شال بقیہ 22
گاڑی پر بم دھماکہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا 5 گاڑیوں متاثر، پولیس کے مطابق پیر کو چمن کی تحصیل کچہری میں واقع اسسٹنٹ کمشنر کے دفتر کے احاطے میں مقامی سماجی تنظیم مظلوم اولسی تحریک کے سربراہ عبدالرازق عدروزئی کے اپنی گاڑی میں بیٹھتے ہی دھماکہ ہو گیا جس میں وہ محفوظ رہے جبکہ کچہری میں کھڑی 5 گاڑیوں کو نقصان پہنچا، پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق مقناطیسی بم گاڑی کے نیچے چسپاں کیا گیا تھا تاہم مزید تحقیقات کیلئے بم ڈسپوزل اسکواڈ کو طلب کیا گیا اور علاقے کی ناکہ بندی کردی گئی ہے۔

شال بقیہ 23
کمیشن کے ریفرنس میں فرد جرم عائد نہ ہوسکی۔منگل کو کیس کی سماعت احتساب عدالت کے جج اعظم خان نے کی۔ملزمان کی حاضری مکمل نہ ہونے کے باعث فرد جرم کی کارروائی موخر کردی گئی۔عدالت نے کہا کہ فرد جرم کی کارروائی کیلئے فروری کی کوئی تاریخ رکھتے ہیں۔فروری میں جو بھی تاریخ رکھیں بس 14 فروری نہ رکھیں،ملزمان کے وکیل کی استدعا پر عدالت میں قہقہے،عدالت نے یوسف رضا گیلانی و دیگر پر فرد جرم کیلئے 3 فروری کی تاریخ مقرر کردی ،نیب نے عدالت سے مسلسل غیر حاضر ملزم فاروق اعوان کے وارنٹ جاری کرنے کی استدعا کردی۔

شال بقیہ 24
جائے تاکہ وہ اپنی قسمت کا فیصلہ خود کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ بھارت نے اپنے آئین کے آرٹیکل 370 اور 35A کو منسوخ کرنے کے بعد تمام قوانین اور اقدار کی خلاف ورزی کرکے اپنا غیر جمہوری چہرہ کو بے نقاب کیا۔

شال بقیہ 25
قائدین خطاب کریں گے جلسے میں پیپلز پارٹی کے جیالے اور پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کے کارکن بھرپور شرکت کریں گے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو لورالائی میں پی ڈی ایم کے زیراہتمام ہونے والے جلسے میں شرکت کیلئے روانگی سے قبل پارٹی کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ نااہل اور سلیکٹڈ حکمرانوں نے ملکی معیشت اور تمام اداروں کا بیڑہ غرق کرکے رکھ دیا ہے۔

شال بقیہ 26
سے نوجوانوں میں مایوسیاں پھیل رہی ہے چیف جسٹس خضدار میں لیویز کی خالی اسامیوں پر مبینہ من پسند افراد کو شامل کرنے کا نوٹس لے کر میرٹ پر تعیناتی عمل میں لائی جائے ۔ خضدار میں لیویز میں 172 پوسٹوں پر تعیناتیاں ہوئی تھی جس کے ٹیسٹ ہوگئے تھے لیکن 6 ماہ بعد لسٹ جاری کی گئی جن میں صرف اور صرف من پسند افراد کو شامل کیا گیا ہے جو تمام حقدار و مستحق نوجوانوں کی حق تلفی ہوئی۔

شال بقیہ 27
عرب میں گوادر کے جنوب میں ہوا۔آپریشن کے دوران تقریبا 207 کلو گرام کرسٹل ICE اور 227 کلو گرام ہیروئن ال حماد (رجسٹریشن نمبر 15668 بی ایف ڈی) نامی ماہی گیر کشتی سے برآمد ہوئی۔ بین الاقوامی منڈی میں منشیات کی قیمت کا تخمینہ 30.16 ملین (پاکستانی روپے) ہے۔منشیات کی قیمت کے لحاظ سے یہ پی ایم ایس اے کی تاریخ کی سب سے بڑی کروائی ہے۔

شال بقیہ 28
میں 10 ایکٹر پر قبرستان بنا رہے ہیں،یونی ٹیکنیک توسیع منصوبے سمیت بہارہ کہو ترنول اور ترلائی میں مثالی ہسپتال بنائے جارہے ہیں،مولانا اسلام آباد نہیں آ سکیں گے، آئے تو "پانی" پلائیں گے۔منگل کو ڈیجیٹل میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کو آج تک کسی نے ترجیح ہی نہیں دی،اسلام آباد کا سب سے بڑا مسئلہ پانی کا تھا جس کے بارے میں کسی نے سوچا بھی نہیں،گرمیوں میں آئی سیکٹرز میں پانی نہیں ہوتا،جی سیکٹرز کی حالت بری ہوتی ہے،دیہاتی یونین کونسل میں زمین سے پانی نکالا جاتا ہے۔

شال بقیہ 29
ملازئی اور ضیاء مقلزئی بھی موجود تھے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فیاض علی کہا کہ محکمہ صحت کے اہلکار مائیکرو پلان کے مطابق روزانہ کا ہدف مکمل کریں اور پانچ سال تک کی عمر کا کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے اور انسداد پولیو مہم کی سو فیصد کوریج کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور اس ضمن میں معمولی سی بھی غفلت نہیں ہونی چاہیے۔

شال بقیہ 30
پارٹی تشکیل دینگے بلوچستان بالخصوص رخشان ڈویژن کے عوام نے ہر موقع پر ساتھ دیا ہیں عوام نے جو انکیشن کے دوران پذیرائی دی ہیں ان کو کبھی مایوس نہیں کرینگے عوام کی محبت ہیں جو آج بھی ہمارے ساتھ ہیں ہماری شروع دن سے منشور رہا ہے کہ عوام کی بلاتعصب خدمت کریں الحمد اللہ خاران کے عوام نے جو عزت بخشی ہیں ان کو مایوس نہیں کرینگے اور ہر فورم پر ان کے حقوق کے پاسداری کیا جائے گا میری خواہش ہے خاران کو بھی ترقی یافتہ علاقہ کی طرح دیکھوں انہوں نے کہا کہ کسی بھی علاقے کی تقدیر بدلنے کے لئے نوجوانوں کا اہم کردار ہوتا ہیں نوجوان اپنے ذمہ داری کو سمجھ کر علاقے کی ترقی کے لئے بہتر فیصلہ کرسکتے ہیں انہوں نے کہا کہ علاقے کے منتخب نمائندوں کی ذمہ داری ہیں کہ وہ خاران کے پسماندگی کو دور کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کرے۔

شال بقیہ 31
موومنٹ فار بلوچستان کا کوآرڈینیٹر مقرر کردیا گیا ہے۔

شال بقیہ 32
نیشنل پارٹی کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ہم بروقت مظلوموں کا ساتھ دیتے رہینگے اور مشکل کی اس گھڑی میں ہم سب بلوچستانی آپ کے ساتھ ہیں۔

شال بقیہ 33
میں چالیس فٹ گہرائی میں کھدائی کرکے کنواں صاف کررہے تھے اچانک کنواں کا ایک جانب سے مٹی کا تودا گرگئی جس دونوں افراد تودے تلے دھنس گئے پھنسے افراد کو نکالنے کے لیے ایکسیو یٹرز کے ذریعے کھدائی کی گئی مگر گہرائی کے باعث ایکسیو یٹر مزید کام جاری نہیں رکھ سکا اب علاقے کے عوام انتظامیہ مل کر کھدائی کررہے ہیں تاکہ ان افراد کو نکالا جاسکے آخری اطلاعات تک کھدائی کا کام جاری تھا۔

شال بقیہ 34
جائے ۔سینڈک کو لوٹ کرلے جانے والے جزائر پر قبضہ کی منصوبہ بندی کررہے ہیں ملک میں شفاف انتخابات ہونے چاہئیں تاکہ فیصلے پارلیمنٹ میں ہوں کوئی ڈکٹیشن نہیں کرے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک کے وڈیرز کو اپنا محاسبہ کرکے سوچنا چاہئے کہ کیا انتخابات میں انہوں نے اپنے ووٹ کی اہمیت کو جان کر اس کی طاقت سے حکومت بنائی ہے تو یقینا نتیجہ تنگی میں ہوگا ۔انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندگی کا دعوی کرنے والے حکمرانوں میں صلاحیت ہے نہ اہلیت ہے کہ وہ صوبے اور ملکی معاملات کو حل کرسکیں جہاں اہلیت اور صلاحیت نہیں ہوگی وہاں بے حس لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرانے کیلئے لوگ مجبور ہوکر احتجاج کرتے ہیں ایسا ملک اور صوبے میں روز ہورہا ہے۔

شال بقیہ 35
سے رانا حشمت خان اعجاز قریشی راولپنڈی ڈویژن سے ڈاکٹر بابر قادری پشاور ڈویژن سے اشفاق باجا سمیت ریلوے کے چھ ڈویژن کے رہنماؤں نے کوئٹہ ڈویژن کے محنت کشوں کے مسائل کے حل کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ ریلوے اسٹیشن کی رونقیں بحال کرکے عام لوگوں کو سفری سہولیات فراہم کی جائے کیونکہ دنیا بھر میں ریل ترقی کا ذریعہ ہے کوئٹہ کے محنت کشوں کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔

شال بقیہ 36
عوام پرامن ہیں اور بلوچستان میں بسنے والے تمام برادر اقوام پرامن طریقے سے باہم زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں دائمی امن کی بحالی کیلئے بلوچستان کے تمام سیاسی دینی اور سول سوسائٹی کی تنظیموں نے جدوجہد کئے ہیں قیام امن کی بحالی میں ان کے خدمات اور قربانیاں رائیگاں نہیں جائے گی ہمیں علم ہے کہ بلوچستان میں گریٹ گیم کھیلا جارہا ہے اور بلوچستان میں دشمن ملک کی جانب سے مداخلت ہمیشہ سے رہا ہے تاہم عوام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر دشمن قوم فرقہ مذہب سے نہ چھوڑا جائے اسلام ہمیں کسی بے گناہ کی جان لینے کی کسی صورت اجازت نہیں دیتی تمام تر مسلط ذات پات رنگ ونسل سے بالاتر ہوکر ہمیں ایک انسان اور اللہ کے پیدا کردہ مخلوقات کی طرح خوشحالی سے زندگی بسر کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ سانحہ بولان مچھ المناک واقعہ پر پشتون، بلوچ برادر اقوام سمیت اس واقعہ پر ساتھ دینے والے تمام انسانیت پرست تعلیم یافتہ باشعور طبقات تمام سی پالیس جمہوری اداروں مذہبی جماعتوں بیدعلماء انجمن تاجران بلوچستان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے بیناہوں کے خون ناحق پر ہمارے ساتھ ملکر حق کی صدا بلند کیں داؤد آغا نے کہا کہ ہم اور ہمارا صوبہ ترقی کی جانب راغب ہے ترقی کا راستہ روکنے کیلئے غیرملکی اعلی کار کرائے کے قاتلوں کو راس نہیں آتی غیرملکی ایجنڈے اور اپنے غیر ملکی آقاؤں کو خوش کرانے کیلئے ایسے بزدلانہ حربے اور ہتھکنڈے استعمال کرنے پر اتر آتے ہیں اور ان کا زور مظلوم لاچار مزدوروں پر ہی چلتی ہے جو دو وقت کی روٹی کمانے کیلئے پہاڑوں پر جاکر محنت مزدوروں کرکے اپنے بال بچوں کیلئے حلال طریقے سے دو روپے کماتے ہیں ہزارہ قوم کمزور نہیں ہزارہ قوم کی ایک لمبی تاریخی پس منظر ہے۔

شال بقیہ 37
الوطنی سے سرشار ہیں،بہی میں 2 کروڑ روپے کے فنڈز سے پینے کے صاف پانی کی اسکیم پر کام تیزی سے جاری ہے کام میں سست روی برداشت نہیں کریں گے ،ایک ماہ کے مدت میں اسکیم کو مکمل کیا جائے ،غفلت برتنے پر ایکسین پی ایچ ای اور ایس ڈی او کو معطل کیا جائے گا،عوام کے فنڈز سے اگر عوام استفادہ حاصل نہیں کرسکتے تو ایسی اسکیمات فضول ہیں، بہی میں شمشان گھاٹ پر قبضہ کی مذمت کرتے ہیں قبضہ مافیا کو ان کے مذموم ارادوں میں کامیاب ہونے نہیں دیں گے، اقلیت برادری کو کوئی تنہا نہیں سمجھے،ان خیالات کا اظہار انہوں نے بہی میں اقلیتی برادری کے غریب و نادار افراد میں امدادی چیک تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب میں کیا،تقریب میں ڈپٹی کمشنر بہی ڈاکٹر یاسر بازئی،سینئر سپرٹنڈنٹ آف پولیس فاروق فیقل لیزی، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر جہانزیب جمیل کاکڑ سمیت دیگر نے شرکت کی اس موقع پر صوبائی وزیر اقلیتی امور دھنیش کمار پلیانی، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر یاسر بازئی، سینئر سپرٹنڈنٹ آف پولیس فاروق فیقل لیزی، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر جہانزیب جمیل کاکڑ نے نادار افراد میں امدادی چیک تقسیم کیئے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر اقلیتی امور دھنیش کمار پلیانی نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت بلوچستان صوبے کی اقلیت برادری کی بحالی کے لیے عملی طور پر ٹھوس اقدامات اٹھارہی ہے اور صوبے کی اقلیت برادری کا مورال بلند کرنے سمیت ان میں احساس تحفظ بھی بڑھایا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آباد اقلیت برادری جاہے۔

شال بقیہ 38
مطلع العلوم میں گفتگو کررہے تھے،انہوں نے کہا کہ وفاق المدارس عربیہ پاکستان میں شامل تمام مدارس کسی ایک سیاسی جماعت کی سوچ اور پالیسی پر نہ عمل پیرا تھے اور نہ رہیں گے، دینی مدارس ملک کے سب سے بڑے موثر اور بڑے "این جی اوز" ہیں ان کو اپنے یا کسی اور کے مفادات کے لیے استعمال کی اجازت نہیں دی جاسکتی ،انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی دینی مدارس اور جامعات بے شمار مشکلات کا شکار ہیں ان کی رجسٹریشن ، بینک اکاؤنٹس کی معطلی اور منسوخی، علماء کے خلاف مقدمات اور فورتھ شیڈول میں ان کے اندراج جیسے مسائل پہلے سے ہی درپیش ہیں اب وفاق کو کسی سیاسی پارٹی کا دم چلہ بنا کراسے مزید مشکلات کے بھنور میں دھکیلنے کا باعث بنیں گے،حافظ حسین احمد نے کہا کہ جہاں حکومت مساوی نصاب تعلیم کا شوشہ چھوڑ کر دینی مدارس کے نظام تعلیم میں مداخلت کا خواہاں ہے اگر وہاں اپوزیشن اور سیاسی جماعتیں مدارس کے نظام تعلیم پر قبضہ کرکے اپنے اقتدار کی جنگ کا انہیں میدان بنائیں گے تو پھر مدارس کا جینا ہی دوبھر ہوگا،انہوں نے کہا کہ اس کے علاوہ وفاق المدارس عربیہ کے ساتھ دیگر چاروفاقات جواتحاد تنظیمات مدارس کے نام سے متحد ہیں اور بلاتخصیص مدارس عربیہ کے خلاف مخالفانہ اقدامات کا ملکر دفاع کرتے رہے ہیں اس نئی صورتحال کے بعد ان 5 وفاقات کے اتحاد کو برقرار رکھنا بھی ناممکن ہوگا اس لیے ضروری ہے کہ مدارس کے مفادات کو مدنظر رکھ کر اکابرین کے ماضی کے طریقہ کار کو اپنایا جائے اور مدارس کے حوالے سے فیصلے کا مکمل اختیار صرف وفاق المدارس میں غیرسیاسی ارباب حل وعقد کے حوالے ہو۔

شال بقیہ 39
موسمیات قلات کے انچارج شیر احمد مینگل نے خبر رساں ادارے آن لائن سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قلات میں سردی کی شدت بدستور برقرار ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران قلات میں درجہ حرارت منفی 14 ریکارڈ کیا گیا۔ اور کوہ ہربوئی میں درجہ حرات منفی اٹھارہ تک جا پہنچا۔اس شدید سردی میں بھی گیس پریشر مکمل بند جبکہ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف یخ بستہ ہواوں کی وجہ سے لوگ گھروں میں محصور ہوکر رہ گئے ہیں۔ کئی عرصوں سے گیس پریشر کی بدستور مکمل بندش جاری ہے جس سے گھریلو صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ خواتین کو امور خانہ داری میں بھی شدید دشواریوں کا سامنا ہے۔عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہاں کے شہری ضروریات زندگی وخصوصا سردی سے بچاو و اپنی زندگیاں بچانے کیلئے گیس استعمال کرتے ہیں۔ قلات میں گیس پریشر کی بحالی کیلئے یہاں کے منتخب عوامی نمائندوں کی جانب سے کی گئی کوششیں بھی بے سود ثابت ہوئی۔ مہنگائی کے باعث شہری ایل پی جی گیس، سوختی لکڑیاں خریدنے سے قاصر ہیں۔ عوامی حلقوں نے چیف جسٹس آف پاکستان ،وفاقی محتسب اعلی و دیگر ذمہ داران سے گیس بندش کی نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔

شال بقیہ 40
متعلق چیئرمین سینیٹ آگاہ کرینگے ،معاملات سارے بہتری کی طرف جاچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملاقات میں ڈپٹی چیئرمین نیب کے خلاف معاملہ ایوان میں حل کرنے کا فیصلہ ہوا۔انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم سودان کے اندر اپنی موت آپ مرگئی،اپوزیشن کو چاہیے کہ اب ایوان کی طرف دیکھے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے صاف کہا کہ گفتگو کا فورم پارلیمان ہے،یہ کہہ رہے تھے کہ ہمارے رابطے ہیں، گزشتہ ڈی جی آئی ایس پی آر نے صاف کہہ دیا کہ کسی سے کوئی رابطہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تمام آئینی اداروں کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے،آئینی اداروں کو سیاست میں ملوث نہیں کرنا چاہیے۔صحافی نے سوال کیا کہ مولانا نے بیزاری کھلانے کا شکوہ کیا آپ کیا کہیں گے؟بابر اعوان نے جواب دیا کہ مولانا سے غلطی ہوئی وہ حلوہ کہنا چاہ رہے تھے۔

شال بقیہ 41
ایس ایچ او صہیب تجاری اور دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر مہاراج ششکر نے ڈپٹی کمشنر عزت نذیر بلوچ اور ایس پی امجد علی کاسی کو کالی مندر کی تاریخ کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ کالی مندر قلات دنیا بھر میں دوسرا تاریخی عبادت گاہ ہیں اور یہاں دور دراز سے ہندو برادری عبادت کے لیئے آتے ہیں۔

شال بقیہ 42
زمین اور کشمیر کمیٹی کے چیئرمین کے لیے ترس رہے ہیں نوازشریف کی این آر او کے لیے فضل الرحمن نے کارکنوں اور علماء کو ذلیل وخوار کئے زرداری اور نوازشریف کرڑوں روپے فضل الرحمن نے لیے اور ذلیل کارکن ہورہے ہیں جمہوری پردوں میں اقتدار سے چمٹنے کے لیے دلفریب نعروں سے عوام کو دھوکہ دیا جارہا ہے پی ڈی ایم کے موجودہ انتشاری سیاست کی وجہ سے لڑکھڑاتے جمہوری نظام کو شدید خطرات لاحق ہیں انہوں نے کہا کہ استعفوں کے معاملے میں پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن) اور جمیعت (ف) اور پشتونخوا ایک دوسرے پر آج بھی اعتماد نہیں اتحاد میں دراڑیں اور عدم اعتماد پہلے سے بھی موجود تھیں اور اب یہ دراڑیں مزید بڑھیں گی استعفی کی بجائے بار بار یوٹرن کے ریکارڈز قائم کیے دھرنوں اور جلسوں کے بعد اب روالپنڈی میں اقتدار کے لیے منتیں شروع کرینگی۔

شال بقیہ 43
سربراہی میں لیویز فورس کیو آر ایف کے بھاری نفری کے ہمراہ دشت بابا کے علاقے میں پہنچ کر لڑکی اور مبینہ اغواہ کار کی تلاش شروع کردی ،جبکہ دونوں دشت بابا کے پہاڑوں پر چڑ گئے تھے جنہیں لیویز فورس نے بڑی مشکل سے پہاڑوں سے اتار کر حراست میں لے لیا۔

شال بقیہ 44
موقع پر لیویز انچارج حب نائب رسالدار یار محمد برفت اور لیویز دفعدار بہار علی موندرہ بھی موجود تھے اسسٹنٹ کمشنر نے جوانوں کی کارکردگی کو سراہا اور امید ظاہر کیا کہ آئندہ بھی لیویز جوان اپنی کارکردگی بہتر بنائیں گے۔

شال بقیہ 45
کی حق تلفی کرتے ہوئے من پسند اور سیاسی بنیادوں پر پوسٹوں کی بندر بانٹ کی گئی ہے وہاں تحریری امتحان سمیت تمام مراحل کو پاس کرنے والے امیدواروں کو نظرانداز کرکے ایسے افراد کے نام لسٹ میں شامل کئے گئے جنہوں نے ٹیسٹ تک نہیں دیا۔

شال بقیہ 46
عبدالرحمن رفیق نے ضلعی عاملہ کے اراکین کے ہمراہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کا کوئٹہ ایئر پورٹ پر استقبال کیا اس موقع پر کارکنوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ضلعی امیر نے کہا لورالائی میں ہونے والے احتجاجی جلسے میں قائد جمعیت کا تاریخ ساز خطاب ملت کے احساسات اور جذبات کا ترجمان ہوگا اور ان کو سننے کیلئے اہل بلوچستان بے تاب ہیں انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام پاکستان ہی ملک میں حقیقی تبدیلی کیلئے کوشاں ہے پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے جاری جدوجہد چور دروازے سے اقتدار میں آنے والوں کا راستہ ہمیشہ کیلئے بند کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔

شال بقیہ 47
بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں گلہائے عقیدت کے پھول پیش کئے اور خطاب دلنواز حافظ علی اکبر قاسمی نے کیا خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آقائے دوجہاں نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم تمام جہانوں کے لئے رحمت بن کر اس دنیا میں تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے بغیر کسی بھی مسلمان کا ایمان کامل نہیں ہو سکتا عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم حب رسول اور محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ کے دل میں نہیں ہے تو آپ کے زندگی کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اسوہ حسنہ ہمارے لئے مشعل راہ ہے جس پر چل کر ہم اپنی دنیا و آخرت سنوار سکتے ہیں بعد ازاں آخر میں اجتماعی دعا پیر طریقت رہبر شریعت جگر گوشہ شیخ سلطان باہو لخت جگر پیر بولان دمیران صاحبزادہ الحاج پیر محمد خالد سلطان باہو سروری القادری کی فرمائی۔

شال بقیہ 48
کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق اور ایک شدید زخمی جنہیں طبی امداد کے لیے وظفر ہسپتال سوئی منتقل کیا گیا پولیس اور لیویز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

شال بقیہ 49
نمائندے اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر سیف اللہ کھیتران نے کہا کہ آواران کے عوام پر زور دیا کہ وہ اس قومی کاز میں حکومت کا ساتھ دیکر اپنا فریضہ ادا کریں، کیونکہ پولیو ایک موذی اور متعدی مرض ہے جس سے متاثرہ ہر بچہ دیگر درجنوں بچوں کو متاثر کرسکتا ہے،اور اردگرد کا تمام علاقہ میں اس کے پھیلنے کا خطرہ رہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ضلع آواران میں تمام احتیاطی تدابیر کی بنیاد پر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جارہے ہیں،جس کیلئے محکمہ صحت کی ٹیمیں گھر گھر جاکر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائینگے۔

شال بقیہ 50
کے چیئرپرسن حامد علی بلوچ، ٹریژرار حمید خان جمالدینی سمیت دیگر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات کے دوران جامعہ کے تعلیمی، تحقیقی سرگرمیوں، مستقبل کے تعلیمی منصوبوں ،تربیتی سرگرمیوں کے مشترکہ طور پر فروغ ،جدید ٹیکنالوجی کے حصول اور مختلف تعلیمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا اور مختلف امور پر بات چیت ہوئی ۔اس موقع پر جامعہ کے وائس چانسلر نے کہا کہ درس و تدریس کے ساتھ تربیتی سرگرمیوں کا فروغ لازم ہے۔جس کے بغیر اعلی تعلیم کے حصول کو ممکن بنانا مشکل عمل ہے۔اس حوالے سے جامعہ نے باقاعدہ طور پر ٹریننگ سینٹر کے قیام کو عملی جامہ پہنایا ہے۔ جو جامعہ کے اساتذہ و ملازمین کے پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے استعداد میں اضافہ کرنا مقصود ہے۔

شال بقیہ 51
ساتھ بل بھیجا اور یہ تمام من مانی بغیر انجینئر اور کسی ایکسپرٹ کے کی گئی بے دردی سے میٹر اتارا گیا اور نہ میٹر کو سیل کرتے ہیں اور میٹر کو لیبارٹری بھی نہیں بھجوایا جاتا ہے اور اپنے مرضی سے میٹر ٹمپر ڈالکھ کر جرمانہ لگادیتے ہیں محمد امان نے مزید بتایا اس کو گیس حکام نے مبلغ 34360/-روپے جرمانہ کیا گیا جو ناجائز ہے اس سلسلے میں اس نے وفاقی محتسب سے رجوع کیا۔

شال بقیہ 52
صدر قاسم علیزئی جمیعت علماء اسلام کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر فیصل منان، بی این پی کے جنرل سیکرٹری جمیل بلوچ بازار یونین کے رہنما وپی ٹی آئی کے صدر چیئرمین نذیر احمد تورزئی ،متین شاہ یونین کیا قبال شاہ ہوٹل بیکرز ایسوسی ایشن نگری خالق داد لیزی ڈیری ایسوسی ایشن کے حاجی عبدالقادر تندوروں کا نمائندہ عبدالغفور سمیت بازار یونین ودیگر نمائندوں سمیت مختلف آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں روزمرہ کے متعلق اشیاء خوردونوش سبزی فروٹ گوشت ودودھ دہی کی قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور نئے قیمتوں کا تعین کیا گیا جس کا باقاعدہ ریٹ لسٹ جاری کیا جائے۔

شال بقیہ 53
انگلش ٹیچرز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور تعلیمی معیار میں جدت لانے کیلئے تربیت دے رہے ہیں دوران تربیت ماہرین تعلیم منیر احمد نگی اور حاجی محمد منگی نے زیر تربیت اساتذہ کو بتایا کہ روایتی طریقہ تعلیم سے تعلیمی معیار میں بہتری نہیں آرہی ہے جس پر حکومت کینیڈا کے تعاون سے صوبائی حکومت محکمہ تعلیم اور PITE کے زیر اہتمام اساتذہ کرام کو انگلش اور روایتی طریقوں سے ہٹ کر جدید طریقوں کو اپناتے ہوئے اور جدید طریقہ تعلیم سے آراستہ کرنے کے غرض سے تربیت دی جارہی ہے۔ جس سے امید کی جاسکتی ہے کہ اساتذہ کرام تربیت پاکر نہ صرف وہ نمایاں تبدیلی محسوس کرینگے بلکہ وہ طلبا کو جدید طریقہ تدریس سے پڑھا کران کو بہتر اور جدید طریقہ تعلیم سے روشناس کراکر معیار تعلیم کو بہتر کرنے میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔

شال بقیہ 54
جنرل ڈاکٹر جہار خٹک ، نائب صدور سردار خان نیازی، اکرام سہگل، ارشاد احمد عارف، انور ساجدی، ڈاکٹر حافظ ثناء اللہ خان، ڈپٹی سیکرٹری جنرل عامر محمود، جوائنٹ سیکرٹری غلام نبی چانڈیو، طاہر فاروق، عارف بلوچ، تنویر شوکت، شکیل احمد ترابی، فنانس سیکرٹری سید حامد حسین عابدی، انفارمیشن سیکرٹری عبدالرحمان منگریو سمیت تمام اراکین نے روزنامہ دن میڈیا گروپ کی جانب سے سی پی این ای کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے رکن ملک لیاقت علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت کے لئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالی انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو اس سانحہ پر صبر جمیل عطا فرمائے۔

شال بقیہ 55
کی بہتری اور بچوں کے مستقبل کو تباہی سے بچانے کیلئے کوئی ٹیچرز کو یقینی بنایا جائے۔

شال بقیہ 56
زکواۃ فنڈز کو رسائی مل سکے زکواۃ کی تقسیم میں اقرباء پروری کسی صورت قبول نہیں کرینگے۔

شال بقیہ 57
پی ڈی ایم کے جلسہ میں بہترین خطاب کرتے ہوئے اپنی پارٹی کا بہتر انداز میں موقف پیش کرنے پر ہم انہیں دل کی گہرائیوں سے مبارکباد کرتے ہیں۔

شال بقیہ 58
بھی اشیاء خوردونی پہلے تو موجود ہی نہیں ہیں اگر کچھ اشیاء موجود بھی ہیں تو نرخ اور معیار مناسب نہیں ہیں جبکہ ضلعی انتظامیہ ہیں کہ ان کی طرف سے ضلع میں قائم یوٹیلیٹی سٹورز پر کوئی چیک اینڈ بیلنس نظر نہیں آتا ہے اشیاء ضروریہ کی قیمتیں عام مارکیٹ کے حساب سے فراہم کی جارہی ہیں۔

شال بقیہ 59
سے رکاوٹوں کو دور کرنا صدقہ جاریہ ہے۔ فروری کے مہینہ میں سندھ کے تمام اضلاع میں صفائی مہم اور شجر کاری مہم بھرپور انداز میں ہوگی۔ سرسبز اور صاف ستھرا پاکستان ہمارے قائد ورہبر محبوب جگن سائیں کا مشن ہے۔ جماعت اصلاح المسلمین شجر کاری اور صفائی کے حوالے سے شعور بیدار کررہی ہے۔ ہر شخص ذمہ دار ہے کہ وہ اپنے گھر کے ساتھ ساتھ اپنے علاقے کو بھی صاف ستھرا رکھے۔ ہر شخص اپنے حصے کا ایک پودا ضرور لگائے اور اس کی نشوونما کے اقدامات بھی کرے۔ انسانی عظمت خدمت خلق میں پوشیدہ ہے۔

شال بقیہ 60
اداروں اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ دھماکے کے اصل محرکات عوام کے سامنے لائے جائیں اور ملزمان کو گرفتار کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔سردار عجب خان نے کہا کہ عبدالرازق کی گاڑی پر حملے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ہمارا صوبہ اور شہر مزید ایسے واقعات کا متحمل نہیں ہوسکتا شہریوں کو امن وامان فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔

شال بقیہ 61
خان جمالی۔میر ہمت علی خان جمالی۔میر سوڈھل خان جمالی۔حاجی علی شیر جمالی اور شعبان جمالی کے علاوہ بہت سے مریدین نے بھی شرکت کی،جبکہ سید دین محمد شاہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔اس موقع پر سید اقبال شاہ نے کہا کہ ہم اپنے مریدوں کو ہمیشہ یاد رکھتے ہیں مرحوم مشوق علی خان جمالی ایک اعلیٰ درجے کے انسان تھے۔اللہ پاک ان کے بیٹوں اور بھائیوں کو سلامت رکھے آمین۔

شال بقیہ 62
کہا کوہلو کے دوردراز کے علاقے سفید ماوند گرینی کاہان اور چڑہ میں پولیو ورکرز کی محدود وسائل میں کارکردگی قابل ستائش ہے تاکہ کوہلو کے آنے والی نسلوں کو اس موذی مرض سے محفوظ کیا جاسکے۔

شال بقیہ 63
جنرل، پروفیسر ہیولغر سیدال خان مندوخیل، پروفیسر ایاز بابر، پروفیسر علاؤ اللہ کاکڑ، سیاسی رہنما عبدل خان وبالہ وال، صحافی رفیع اللہ مندوخیل، ژوب ٹائمز کے آدم خان کبزئی، خالد غروئی، نورگل غروئی سمیت طلبا اور مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مقررین نے معاشرے میں مذہبی رواداری اور اس کی اہمیت کے حوالے سے خطاب کیا۔ سماجی رہنما علی شیرانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے معاشرے میں انتشار اور بدامنی کی بنیادی وجہ معاشرے میں عدم برداشت ہے۔ بدامنی سے سماجی برائیاں جنم لیتی ہیں۔ جو اقتصاد و تہذیب اور دیگر اکائیوں کو متاثر کرتی ہیں۔

شال بقیہ 64
خفیہ خاتون سے 60 کلو چرس برآمد 2 ملزم گرفتار ایف آئی آر درج فیصل آباد سے بتایا جارہا ہے انویسٹی گیشن جاری ہے۔

شال بقیہ 65
محتاج ہے جو کہ بند ہوگا تو اس کے منفی اثرات دیگر شعبوں کے ساتھ ساتھ زراعت پر بھی پڑیں گے انہوں نے کہا کہ پاک ایران بارڈر سے صرف پنجگور کے لوگوں کا چولہا نہیں جلتا ہے بلکہ پورا بلوچستان بارڈر سے کھار بچوں کی تعلیم سے لیکر کھانے پینے کی اشیا تک سب بارڈر کے کاروبار کا مرہون منت ہیں ہمارے ہاں چونکہ کاریزی نظام زراعت ختم ہوچکا ہے اب اس کی جگہ ڈیزل انجنوں نے لی ہے جب ڈیزل میسر آئے گا تب زرعی پہیہ چل پڑتا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے کاروبار سے ملکی ریونیو میں بھی اضافہ ہورہا ہے 900 کے قریب آئل ٹینکرز سے سالانہ سرکار کو چالیس کروڑ سے زائد کا ایکسائز ٹیکس ملتا اور ان نو سو آئل ٹینکرز سے پنجگور کے 90 ہزار خاندان برسرروزگار ہیں ان کے علاوہ ہزاروں گیراج اور اسپیئر پارٹس کی دکانیں سروس اسٹیشن بارڈر کے کاروبار کا محتاج ہیں اگر یہ سلسلہ رک گیا تو صرف پنجگور میں تین لاکھ گھرانے بے روزگار ہوکر نان نفقہ کے محتاج بن جائیں گے انہوں نے کہا کہ ان حالات میں جہاں لوگ بڑے پیمانے پر بے روزگار ہونگے تو ظاہر ہے معاشرتی مسائل پیدا ہونگے اور خصوصا امن وامان کا مسئلہ ایک بار پھر سر اٹھائے گا۔

شال بقیہ 66
اہم پریس کانفرنس سے خطاب کرینگے۔ لہذا ہزار گنجی زون کے عہدہ داران اور ممبران کو یہ تاکید کی جاتی ہے کہ وہ آج کی پریس کانفرنس میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

شال بقیہ 67
جوق لوگ شمولیت اختیار کررہے ہیں میر اعجاز خان سنجرانی کی دن رات محنت لگن اور انتھک کوششوں کی بدولت ہیں آج چاغی ضلع میں بی اے پی ایک مضبوط جماعت بن کر ابھر رہی ہے انکا مزید کہنا تھا بلوچستان عوامی پارٹی رخشان ڈویژن کے آرگنائزر میر اعجاز خان سنجرانی کی کاوشوں سے بے شمار ترقیاتی اور اجتماعی ہورہے ہیں انکا مزید کہنا تھا اس وقت چاغی ضلع کے تمام تحصیلوں میں پارٹی کا ڈھانچہ مکمل فعال ہے اور خصوصا رخشان ڈویژن میں پارٹی اپنی عوامی منشور کی بدولت آگے جارہا ہے۔

شال بقیہ 68
کا منتظر سیکورٹی کیلئے پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں نے اپنے اپنے لیول پر تربیت یافتہ کارکنوں پر مشتمل فورس کو گراونڈ میں تعینات کردیا جبکہ ایف سی نے بھی آج دن بھر شہر میں مارچ پاسٹ کیا پورے شہر کی سخت نگرانی کا سلسلہ بھی جاری رہا۔

شال بقیہ 69
کانفرنس میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

شال بقیہ 70
کا اظہار انہوں نے اپنے آفس میں ارنائل پریس کلب اوتھل کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ لسبیلہ کے جنگلات بڑے رقبے پر پھیلے ہوئے ہیں جن کی حفاظت کیلئے محکمہ جنگلات لسبیلہ اپنا بھرپور کردار ادا کررہا ہے،اسٹاف کی کمی کے باوجود بھی محکمہ جنگلات لسبیلہ کے اہلکاران دن رات گشت پر مامور رہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ لسبیلہ میں نایاب اور مہمان پرندوں کی نسل کشی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری وساری ہیں،کسی کو غیر قانونی شکار کرنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جاسکتی شکار میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں کی جائیں گی جنگلات کا تحفظ ہر صورت میں یقینی بنایا جائے گا۔

شال بقیہ 71
والے احتجاجی جلسے کٹھ پتلی حکومت کے خلاف اور لانگ مارچ کی جانب اہم قدم ثابت ہوں گے پی ڈی ایم کی سطح پر ہونے والے احتجاجی مظاہرے اور جلسے انقلاب کی جانب پیش رفت ہیں اور ظالم، جابر حکمرانوں کے خلاف مقاصد حاصل کرکے رہے گی۔

شال بقیہ 72
اور قوم پرست ایک اسٹیج پر اندرون بلوچستان کی عوام کو نظر آئیں گے بلوچستان کی عوام میں نفرتیں پھیلانے والے قومیت اور مذہب پر بھائی بھائی کو لڑانے والے کل پاکستان کے ماہ تاز چوروں ڈاکوں کی چوری بچانے کے لئے ایک ساتھ نظر آئیں گے ان کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان پی ڈی ایم کے ایک مہرے ہیں جنہیں ن لیگ اور پیپلز پارٹی این آر او کے لئے استعمال کررہی ہے وزیر اعظم پاکستان مولانا فضل الرحمان جیسے مہروں کو کوئی حیثیت نہیں دیتے اور نہ ہی انہیں کسی کی بے تکی باتوں سے فرق پڑتا ہے۔

شال بقیہ 73
حاجی بشیر احمد کاکڑ سیکرٹری اطلاعات عبدالحق شہزاد مولانا مسعود احمد مفتی نیک محمد یونس کے امراء اور نظماء جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں علماء کرام قبائلی عمائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی فاتحہ خوانی ان کی رہائش گاہ الجمعیت ہاؤس کلی چلتن ریکسائی میں جاری ہے۔

شال بقیہ 74
کی ثانی محکمہ پولیس کے اختر شاہ غریب شاہ جبار شاہ آغا عبدالمطلب آغا عرفان کی دادی انتقال کرگئیں ہیں فاتحہ خوانی کلی خداداد ریکی میں ہوگی۔والضحیٰ پریس کلب کے صدر حاجی عبدالستار کشانی و دیگر عہدیداران ،وممبران نے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی ہے اللہ پاک مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

NOTICE INVITNG TENDER

Deputy Director Agriculture OFWM Panjgur invites sealed tender / bid based on Composite Schedule of Rates, 2018, Government of Balochistan for eligible bidders for execution of following works under the Project National Programme for Enhancing Command Area of Small & Mini Dams in Barani Areas of Pakistan (Balochistan Component) PSDP No. 2539[Z2019.1958] on cost sharing basis (Government 75% & Farmer 25%) as per government policy: -Tender Fee Rs. 1,000/- in shape of Green Challan form deposited in head of account (C03136) E/Money 2% in shape of Call Deposit and time limit 30-06-2021 for the work.

S#	Name of Work/s	E.Cost
1	Construction of Farm Pond 120'x120'x4.50' [1No]	968,893
2	Installation of Solar Pumping System for Farm Pond2HP[1No]	477,040
3	Development of Dug Well 10.00' Dia [1No]	818,917
4	Installation of Solar Pumping System for Dug Well 5HP[1No]	1,157,806
5	Construction of Watercourses 1000Rft [4Nos]	3,257,396
6	Provision of Low Delta Fruit Plants [6Acres]	141,000

Procurements shall be made under BPPRA Rules 2014. **Basic Eligibility:** Registration with Pakistan Engineering Council 2020-21 in category C-6 or above with specialization codes CE01, CE04, CE09, CE10 & EE-11.Registration with relevant taxation departments & BRA (where applicable). The bidder must have at least 3 years experience in relevant field. Turnover of last 3 years showing financial capacity of the firm. **Method of Procurement:** Single Stage- Two Envelope Procedure. **Issuance:** Tender documents will be issued from the date of NIT published in newspapers till deadline of bid submission. The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed of any working day or can be downloaded from authority website against **TSE No. 180702** Bid Validity Period: 90 days. **Deadline of Bid submission:** The tender should be submitted on **29-01-2021** till 11:00 Sharp at the office of the undersigned. **Tender opening:** Initially Technical Proposal will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00. Envelope marked as Financial Proposal shall be retained in the custody of Procuring Agency Address: Deputy Director Agriculture On Farm Water Management District Panjgur Contact No. 03337817014 Email: mastang353@gmail.com.

Deputy Director Agriculture
On Farm Water Management Panjgur

PRQ No.1820/11.01.2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

قیام امن کیلئے سنجیدہ بنیادوں پر عملی اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے، بلوچستان شیعہ کانفرنس

سانحہ بولان نہ صرف انسانیت سوز واقعہ ہے بلکہ ایسے واقعات سے بین الاقوامی سطح پر ملکی وقار ساکھ اور مورال پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں

ایسے المناک دردناک واقعات کے روک تھام کیلئے یقین ہے کہ قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں پر مربوط لائحہ عمل طے کرکے دائمی امن کیلئے عملی کردار ادا کریں گے

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یٰسین زئی سے رکن صوبائی اسمبلی سید احسان شاہ ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) قیام امن کیلئے سنجیدہ بنیادوں پر عملی اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے سانحہ بولان نہ صرف انسانیت سوز واقعہ ہے بلکہ ایسے واقعات سے بین الاقوامی سطح پر ملکی وقار ساکھ اور مورال پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں ملک کو چند دہشتگردوں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا مستقبل میں ایسے المناک دردناک واقعات کے روک تھام کیلئے یقین ہے کہ قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں پر مربوط لائحہ عمل طے کرکے دائمی امن کیلئے عملی کردار ادا کریں گے ان خیالات کا اظہار بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر سید داؤد آغا نے گزشتہ روز مختلف وفود سے ملاقات میں کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان کوئی کمزور ریاست نہیں بلکہ دنیا کا آٹھواں بڑی ایٹمی قوت ہونے کے ساتھ بہترین خفیہ ایجنسی رکھنے کا اعزاز بھی وطن عزیز کو حاصل ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

لیویز فورس کا لڑکی کو اغوا کرنے کی اطلاع پر کارروائی ایک شخص گرفتار

مستونگ (این این آئی) لیویز فورس کا لڑکی کو اغوا کرنے کی اطلاع پر کارروائی ایک شخص گرفتار، تفصیلات کے مطابق ولی خان تھانہ لیویز فورس کو ایک لڑکی کو اغوا کرنے کی اطلاع ملنے پر تحصیلدار مستونگ محمد اکرم حریفال کی بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

مولانا فضل الرحمن چاہئے نہیں فارم ہاؤس اور کشمیر کمیٹی کی چیئرمین شپ مانگ رہا ہے

جنرل مشرف کے دور کی طرح میں 1500 کنال زمین اور کشمیر کمیٹی کے چیئرمین کے لیے ترس رہے ہیں

دھرنوں اور جلسوں کے بعد اب راولپنڈی میں اقتدار کے لیے منتیں شروع کریں گی، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی مولانا عبدالرؤف صوبائی جنرل سیکرٹری حافظ عبدالاحد کدانی مولوی نعمت اللہ شیرانی صوبائی نائب امیر مولانا محمد حیات ودیگر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن چاہئے نہیں فارم ہاؤس اور کشمیر کمیٹی کی چیئرمین مانگ رہا ہے جنرل مشرف کے دور کی طرح میں 1500 کنال بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے بغیر کسی بھی مسلمان کا ایمان کامل نہیں ہوسکتا، حافظ علی اکبر قاسمی

آقائے دوجہاں نبی آخرالزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تمام جہانوں کے لیے رحمت بن کر اس دنیا میں تشریف لائے

چھتر (نامہ نگار) جماعت اہلسنت، جماعت الصالحین یونٹ میر حسن خان کھوسہ تحصیل چھتر ضلع نصیر آباد کے زیر اہتمام سالانہ عظیم الشان محفل شان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بسلسلہ حق باہو کانفرنس کا انعقاد کیا گیا زیر صدارت وخصوصی خطاب و دعا پیر طریقت رہبر شریعت جگر گوشہ حق سلطان باہو لخت جگر پیر بولان وصاحبزادہ الحاج پیر محمد خالد سلطان باہو سروری القادری، زیر نگرانی شاہنواز سلطانی، انصرالدین سلطانی، محمد یوسف سلطانی، جمعدار شاہل خان سلطانی، وسیم سلطانی محفل شان مصطفیٰ میں سندھ وبلوچستان کے معروف نعت خوانوں سید طاہر رسول شاہ سلطانی، عنایت اللہ قادری، غلام نبی کھوسہ نے بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

جمعیت علماء اسلام پاکستان ہی ملک میں حقیقی تبدیلی کیلئے کوشاں ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

کٹھ پتلی حکومت نے عوام کو معاشی اور نظریاتی طور پر مسائل سے دوچار کردیا، ضلعی امیر جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (این این آئی) 13 جنوری صبح نو بجے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق کی قیادت میں کوئٹہ کا قافلہ ملیلی کسٹم سے پی ڈی ایم کے جلسے کیلئے روانہ ہوگا اس سلسلے میں ضلعی ترجمان کے بیان کے مطابق جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ نے تمام یونٹوں کے امراء و نظماء اور عام کارکنوں کو تاکید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت شرکت کو یقینی بنائیں اس سے قبل جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

میرٹ لسٹ جاری کرنے تک ہمارا احتجاج جاری رہے گا، لیویز متاثرین ضلع خضدار

سیاسی وذاتی بنیادوں پر بندر بانٹ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے انہیں فوری منسوخ کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) لیویز متاثرین ضلع خضدار نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ خضدار میں لیویز پوسٹوں کی سیاسی وذاتی بنیادوں پر بندر بانٹ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے انہیں فوری منسوخ کیا جائے میرٹ لسٹ جاری کرنے تک ہمارا احتجاج جاری رہے گا۔ لیویز متاثرین خضدار کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے علامتی ہڑتال کیمپ کئی جاری رہی۔ متاثرین کا کہنا تھا کہ خضدار میں لیویز کی اسامیوں پر میرٹ کا جنازہ نکالا گیا اور حقداروں بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

اسسٹنٹ کمشنر حب لیفٹیننٹ (ر) محمد احمد ظہیر کا تحصیلدار آفس حب کا دورہ

حب (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر حب لیفٹیننٹ (ر) محمد احمد ظہیر نے تحصیلدار آفس حب کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے ریکارڈ چیک کیے اور لیویز کے جوانوں اور لوگوں سے ان کے مسائل سنیں اس دوران نائب تحصیلدار حب محمد خان شیخ نے اسسٹنٹ کمشنر کو بریفنگ دی اس بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما ڈاکٹر نواز خان ناصر اور سابق صوبائی وزیر پرنس احمد علی بلوچ ملاقات کررہے ہیں

ضلع آواران میں تمام احتیاطی تدابیر کی بنیاد پر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جارہے ہیں، میر سیف اللہ کھیتران

پولیو ایک موذی اور متعدی مرض ہے جس سے متاثرہ ہر بچہ دیگر درجنوں بچوں کو متاثر کرسکتا ہے، ڈپٹی کمشنر آواران

آواران (ح ن) ڈپٹی کمشنر آواران میر سیف اللہ کھیتران نے کہا کہ پولیو ایک موذی اور ناقابل علاج مرض ہے اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلائیں انسداد پولیو مہم میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پانچ سال سے کم عمر بچے کو پولیو ویکسین پلا کر مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر محکمہ صحت کے بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

ہوتکانی قبائل کے دو گروپوں میں پرانی دشمنی کے تنازعہ پر فائرنگ دو افراد جاں بحق

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) سوئی شہر میں ائیرپورٹ روڈ پر ہوتکانی قبائل کے دو گروپوں میں پرانی دشمنی کے تنازعہ پر فائرنگ تفصیلات کے مطابق سوئی ائیرپورٹ روڈ پر ہوتکانی قبائل کے دو گروپوں میں پرانی دشمنی کے تنازعہ پر فائرنگ فائرنگ بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

سعودی حکومت کا اسرائیل کے بارے میں نرم پالیسی سے امت مسلمہ کے دل آزاری ہوئی ہے، عبدالقیوم مینگل

حرمین شریف بشمول قبلہ اول کا تحفظ صرف سعودی حکومت کا نہیں بلکہ پورے امت مسلمہ کا ذمہ داری ہے

منگچر (نامہ نگار) منگچر بازار کے صدر حاجی عبدالقیوم مینگل نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ سعودی حکومت کا اسرائیل کے بارے میں نرم پالیسی سے امت مسلمہ کے دل آزاری ہوئی ہے۔ اسرائیل حکومت ہمیشہ امت مسلمہ کے خلاف پروپیگنڈہ اور قبلہ اول کے بے حرمتی کرنے والوں کو ہمیشہ سپورٹ کرتا آرہا ہے اسی بناء پر امت مسلمہ کو اسرائیل سے نفرت ہے سعودی نصاب سے اسرائیل نفرت ختم کرنے سے امت مسلمہ کو انتہائی دکھ پہنچا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریف بشمول قبلہ اول کا تحفظ صرف سعودی حکومت کا نہیں بلکہ پورے امت مسلمہ کا ذمہ داری ہے سعودی حکومت خود کو تنہا نہ سمجھے انکے پیچھے پورا امت مسلمہ کھڑا ہے مسلم دشمنوں کے لئے نرم پالیسی اپنانا اسلام کا شیوہ نہیں ہے۔

مفت انصاف کی فراہمی، وفاقی محتسب کا گیس حکام کے خلاف بروقت کارروائی

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ کے رہائشی محمد امان نے مورخہ 01-07-2020 کو وفاقی محتسب کو درخواست دی کہ وہ ایک غریب شخص ہے وہ سوئی سدرن گیس کمپنی کا کسٹمر ہے اور اس کے گیس کا استعمال انتہائی کم ہے اس کے باوجود گیس حکام نے بغیر کسی نوٹس اور پیشگی اطلاع کے میٹر اتار لیا اور جرمانہ کے بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

بلوچستان میں آباد اقلیتی برادری کی بحالی کیلئے 20 کروڑ روپے کی خطیر رقم رکھی گئی ہے، دھنیش کمار

صوبائی حکومت بلوچستان صوبے کی اقلیتی برادری کی برادری کی بحالی کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھارہی ہے، صوبائی وزیر اقلیتی امور

سبی کے 240 غریب ونادار خاندانوں میں 40 لاکھ روپے کی خطیر امدادی رقم تقسیم کی گئی ہے، صوبے کی اقلیت محب وطن اور حب الوطنی سے سرشار ہیں

سبی (این این آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور دھنیش کمار پلیانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان صوبے کی اقلیتی برادری کی برادری کی بحالی کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھارہی ہے، بلوچستان میں آباد اقلیتی برادری کے غریب و نادار افراد کی بحالی کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب 20 کروڑ روپے کی خطیر رقم رکھی گئی ہے، سبی کے 240 غریب ونادار خاندانوں میں 40 لاکھ روپے کی خطیر امدادی رقم تقسیم کی گئی ہے، صوبے کی اقلیت محب وطن اور حب بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

درس وتدریس کے ساتھ تربیتی سرگرمیوں کا فروغ لازم ہے، ڈاکٹر شفیق الرحمان

جس کے بغیر اعلیٰ تعلیم کے حصول کو ممکن بنانا مشکل عمل ہے، وائس چانسلر پروفیسر

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن پاکستان ریجنل آفس کوئٹہ کے ڈپٹی ڈائریکٹر عصمت اللہ نے ایک وفد کے ہمراہ جامعہ بلوچستان کا دورہ کیا۔ جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر جامعہ کے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

ضلعی انتظامیہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھارہی ہیں، عائشہ زہری

روزانہ کی بنیاد پر سبزی گوشت ودیگر اشیاء کی مارکیٹ کے مطابق ریٹ لسٹ فراہم کررہی ہیں

مستونگ (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر مستونگ انجینئر عائشہ زہری کے زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تحصیلدار مستونگ محمد اکرم حریفال، ایس ایچ او سٹی تھانہ عبدالرحیم آل پارٹیز رہنما نیشنل پارٹی کے صدر حاجی نذیر احمد سرپرہ، پیپلز پارٹی کے بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

وفاق المدارس کو ہائی جیک کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، حافظ حسین احمد

ذاتی مقاصد کے حصول کے لیے اب وفاق المدارس کے منظم ادارے کو بند گلی میں پہنچایا جارہا ہے،

ہزاروں مدارس عربیہ کے عظیم ادارہ وفاق المدارس عربیہ پاکستان کو ذاتی اور سیاسی مفادات کے لیے ہائی جیک کرنے کی کوشش کی جارہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سینئر رہنما سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ ہزاروں مدارس عربیہ کے عظیم ادارہ وفاق المدارس عربیہ پاکستان کو ذاتی اور سیاسی مفادات کے لیے ہائی جیک کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، ان مقاصد کے حصول کے لیے نہ صرف وفاق المدارس عربیہ پاکستان کے منظم ادارے کو بند گلی میں پہنچایا جائے گا بلکہ مختلف مسالک کے مدارس، تنظیمیں، مدارس کے وفاقات پر مشتمل (اتحاد تنظیمات مدارس عربیہ) کے منظم اتحاد کا شیرازہ بھی بکھر جائے گا۔ دومنگل کے روز ملک کے مختلف جامعات اور مدارس کے ذمہ داران سے رابطے کے بعد اپنی رہائشگاہ جامعہ بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

لورالائی، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) کاشف علی نے سبزی منڈی کا اچانک دورہ کیا سبزیوں پھلوں کے دام چیک کیے اور منڈی میں کام کرنے والوں سے بات چیت کی

روایتی طریقہ تعلیم سے تعلیمی معیار میں بہتری نہیں آرہی ہے، حاجی محمد منگی

اوتھل (نامہ نگار) صوبائی ادارہ برائے تربیت اساتذہ PITE زیر اہتمام گورنمنٹ ایلمنٹری کالج اوتھل میں لسبیلہ کے مڈل اسکول کے اساتذہ کی بارہ روزہ ٹریننگ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق کینیڈا کے تعاون سے صوبائی ادارہ برائے تربیت اساتذہ (PITE) کے ڈائریکٹر اعجاز عظیم بلوچ کی سرپرستی میں ماہرین تعلیم منیر احمد گچکی اور حاجی محمد منگی 2 جنوری سے 13 جنوری تک لسبیلہ کے جونیئر بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

دکی، ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالحلیم ناصر بچے کو پولیو کے قطرے پلاکر مہم کا افتتاح کررہے ہیں

صوبائی مشیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ اور ایم پی اے قادر نائل رکن اسمبلی نصراللہ زیرے کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

بھٹ شاہ کے سجادہ نشین کے چچا سید اقبال شاہ کی گوٹھ مونڈر کوٹ آمد

گندا خہ (نامہ نگار) بھٹ شاہ کے سجادہ نشین کے چچا سید اقبال شاہ کے اعزاز میں مرحوم میر معشوق خان جمالی کے بھائی میر اسلام خان جمالی اور فرزند میر ضمیر حسین جمالی نے اپنی رہائش گاہ مونڈر کوٹ میں پر تکلف اعشائیہ دیا اس موقع میر فرید خان جمالی۔ میر نظیر محمد خان جمالی۔ میر شعبان بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

پولیو کے خاتمے کیلئے ہمیں زندہ قوم ہونے کا ثبوت دینے ہوگا، میر ممتاز علی کھیتران

ایک قوم بن کر پولیو کے خلاف جہاد کو ہر صورت کامیاب بنانا ہوگا، ڈپٹی کمشنر کوہلو

کوہلو (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کوہلو میر ممتاز علی کھیتران نے کہا پولیو کے خاتمے کیلئے ہمیں زندہ قوم ہونے کا ثبوت دینے ہوگا ایک قوم بن کر پولیو کے خلاف جہاد کو ہر صورت کامیاب بنانا ہوگا تاکہ ہم اپنے آنے والے نسلوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرسکیں ضلع بھر میں پولیو کے خاتمے کیلئے تمام شعبہ زندگی کے لوگوں کو اپنا کردار ادا کرنے کی اشد ضرورت ہے ہم اس مرض کو جب تک جڑ سے اکھاڑ دیں جب تک ہم سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کریں گے جب تک یہ وائرس ہمارے بچوں کو اپاہج کرتا ہے گا انہوں نے بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

نصیر آباد میں محکمہ تعلیم کی تباہی کی اصل وجہ محکمہ تعلیم اور یونین کی کالی بھیڑیں ہیں، محمد یونس بوہڑ

دونوں کے میل ملاپ اور کمیشن کے چکر میں نصیر آباد ڈویژن میں درس وتدریس کا نظام نہ ہونے کے برابر ہو کر رہ گیا ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف نصیر آباد کے ضلعی جنرل سیکرٹری محمد یونس بوہڑ نے کہا ہے کہ نصیر آباد میں محکمہ تعلیم کی تباہی کی اصل وجہ محکمہ تعلیم اور یونین کی کالی بھیڑیں ہیں۔ دونوں کے میل ملاپ اور کمیشن کے چکر میں نصیر آباد ڈویژن میں درس وتدریس کا نظام نہ ہونے کے برابر ہو کر رہ گیا ہے۔ ایجوکیشن نصیر آباد میں تمام آفیسرز اور ٹیچرز کی سیاسی وابستگیوں کی وجہ سے وہ اپنے سکولوں میں ڈیوٹی کے بجائے سیاسی کمپین کا کاروبار ہی تو پھر سارا دن بازاروں اور دفتروں کی زینت بنے رہتے ہیں لہٰذا مرکزی وزیر تعلیم جناب شفقت محمود وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد خان رند اور سیکرٹری تعلیم سکولز بلوچستان بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

سی پی این ای کا ملک لیاقت علی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) نے روزنامہ دن میڈیا گروپ کی جانب سے سی پی این ای کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے رکن ملک لیاقت علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک مشترکہ بیان میں سی پی این ای کے صدر عارف نظامی، سیکرٹری بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

جماعت کے خلفاء کرام تبلیغی وتنظیمی امور میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، قاضی مشہود احمد طاہری

درخت لگانا اور راستوں سے رکاوٹوں کو دور کرنا صدقہ جاریہ ہے، جماعت اصلاح المسلمین سندھ

روہڑی (نامہ نگار) جماعت اصلاح المسلمین سندھ کے صدر قاضی مشہود احمد طاہری اور جنرل سیکرٹری مخدوم محمد اعظم طاہری نے صوبائی پریس سیکرٹری ڈاکٹر سعید اعوان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جماعت کے خلفاء کرام تبلیغی وتنظیمی امور میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جماعت اصلاح المسلمین سندھ کے اضلاع اپنی اپنی برانچز کی سلیکشن کے دوران خلفاء کرام کی مشاورت اور ایس او پیز کا ذمہ داری سے خیال کریں۔ برانچز میں باصلاحیت عہدیداران منتخب کریں۔ درخت لگانا اور راستوں بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

عبدالرازق کی گاڑی پر حملے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، سردار عجب خان میاں خیل

کوئٹہ (این این آئی) قبائلی رہنما سردار عجب خان میاں خیل نے چمن میں مظلوم اولس تحریک کی کورکمیٹی کے رہنما عبدالرازق خان اچکزئی کی گاڑی پر بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے صوبائی حکومت، قانون نافذ کرنے والے بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

بدامنی سے سماجی برائیاں جنم لیتی ہیں جو اقتصاد، تہذیب اور دیگر اکائیوں کو متاثر کرتی ہیں، علی شیرانی

عدم برداشت کے حوالے سے خدائی خدمتگار تحریک نے کلیدی کردار ادا کیا، سماجی رہنما ودیگر کا خطاب

ژوب (این این آئی) امپریل پبلک لائبریری کے زیر اہتمام مذہبی رواداری، جنگلات کی اہمیت، زراعت کے فروغ اور مطالعے کی اہمیت کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی صدارت سینئر استاد عبداللہ شاکر نے کی، جبکہ سیمینار میں ڈی ای او محکمہ تعلیم شیرانی شیخ موسیٰ خان مندوخیل، سابق ڈی ڈی او پرائمری محمد مندوخیل، جنرل منیجر این ٹی ایچ ڈی اے رزاق کاکڑ، پروفیسر محمد حسین بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

اپنی پارٹی کا بہتر انداز میں موقف پیش کرنے پر ہم انہیں دل کی گہرائیوں سے مبارکباد کرتے ہیں، شہباز خان کھوسہ

ماچھی پور (نامہ نگار) پی این پی اختر مینگل گروپ ضلع صحبت پور کے انفارمیشن سیکرٹری شہباز خان کھوسہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے جلسہ لاڑکانہ اور مراد جمالی میں ایم پی اے وصوبائی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی اور مرکزی سینیٹر نائب صدر ملک ولی کاکڑ نے بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

کچھی کے مستحقین کو صاف شفاف طریقے سے زکوٰۃ کی تقسیم کو لازم رکھا جائیگا، حاجی منگے خان رائیجہ

زکوٰۃ کو مستحقین تک پہنچانے میں اپنا ذمہ داریوں کو نبھانے کی بھرپور کوشش کی جائیگی

بولان (این این آئی) ڈسٹرکٹ زکوٰۃ چیئرمین کچھی حاجی منگے خان رائیجہ نے کہا کہ کچھی کے مستحقین کو صاف شفاف طریقے سے زکوٰۃ کی تقسیم کو لازم رکھا جائیگا نادار، بیوائیں، مساکین کو ترجیح دی جائیگی زکوٰۃ کو مستحقین تک پہنچانے میں اپنا ذمہ داریوں کو نبھانے کی بھرپور کوشش کی جائیگی حق حقدار تک پہنچانے میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں گے کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈھاڈر پریس کلب کے صدر محمد عارف ہنگوری کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ بہت جلد اجلاس بلاکر ممبر منتخب کریں گے تاکہ شفافیت کو فوقیت دیکر حقداروں تک بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

کوہلو میں یوٹیلیٹی سٹورز عوام کو ریلیف دینے میں ناکام، شہری مہنگے داموں اشیاء خریدنے پر مجبور

ضلع کے شہری اور دیہی علاقوں میں قائم یوٹیلیٹی سٹورز میں بھی اشیاء خورد ونوش پہلے تو موجود ہی نہیں ہیں

کوہلو (این این آئی) کوہلو میں مہنگائی کے چڑیا کی اونچی اڑان برقرار ہے ضلعی انتظامیہ زبانی دعوں اور فوٹو سیشن سے آگے کچھ کرنے میں کامیاب نہیں ہوئے ہیں شہر میں اشیاء خورد ونوش کی مہنگائی اپنی جگہ مسلسل برقرار ہے گھر ضلع میں عوام کو سستے داموں ریلیف کی فراہمی کیلئے قائم کیے گئے یوٹیلیٹی سٹورز بھی شہریوں کو اشیاء خورد ونوش کی فراہمی میں ناکام ہیں ضلع کے شہری اور دیہی علاقوں میں قائم یوٹیلیٹی سٹورز میں بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

پاک ایران بارڈر سے صرف پنجگور کے لوگوں کا چولہا نہیں جلتا ہے، زبیر احمد

ہمارے کاروبار سے ملکی ریونیو میں بھی اضافہ ہورہا ہے، پنجگور کے کاروباری شخصیات

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے کاروباری شخصیات زبیر احمد حاجی لشکری لیاقت علی حاجی صال جان محمد اکرم نے سینکڑوں افراد کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان چونکہ ایک زرعی ملک ہے اور لوگوں کی معاشی ذرائع کا زیادہ انحصار زراعت پر ہے اور صوبہ بلوچستان خصوصا مکران بھی اس حوالے سے زراعت اور بارڈر ٹریڈ پر انحصار کرتی ہے جہاں لوگ بارڈر سے ڈیزل لاکر اپنے ٹیوب ویلز کو چلا کر دو وقت کی روٹی کا حصول ممکن بناتے ہیں اور ہمارا پورا زرعی شعبہ ایرانی ڈیزل کا بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

شیر احمد کھیتران بوائنہ بارڈر ملٹری پولیس کی کامیاب کارروائی

بارکھان (نامہ نگار) شیر احمد کھیتران بوائنہ بارڈر ملٹری پولیس کی کامیاب کارروائی کمانڈر حمزہ سالک کی ہدایت پر بوائنہ ایس ایچ او نصراللہ خان نے اپنی ٹیم کے ہمراہ جن میں رفیق احمد علی اور شوکت خان کی بہت بڑی کارروائی بلوچستان سے فیصل آباد سمگلنگ کی کوشش کو ناکام بنادیا منی مزدا کے بقیہ نمبر64 صفحہ3 پر

تعلقات عامہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی اپنے مطالبات کے حق میں تین گھنٹے ٹوکن ہڑتال سے وقاص شاہین، شمس کاکڑ ودیگر خطاب کررہے ہیں

ہزارگنجی زون کے یونٹ صدور وسیکرٹریز آج ہونے والی پریس کانفرنس میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان مرکزی انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) ہزارگنجی زون کوئٹہ نے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان ہزارگنجی زون کے تمام عہدیداروں خصوصا یونٹ صدور اور یونٹ سیکرٹریز اور تمام یونٹوں کے سینئر ممبران کو ہدایت کی ہے کہ 13 جنوری بروز بدھ سہ پہر 003 بجے بمقام کوئٹہ پریس کلب میں مرکزی انجمن تاجران کے مرکزی صدر عبدالرحیم کاکڑ مرکزی انجمن تاجران کے دیگر سینئر ساتھیوں کے ساتھ ایک بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

پاکستان میں اقلیتوں کو تمام حقوق حاصل ہیں، عزت نزیر بلوچ

قلات میں ہندو برادری کے مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروکار لائینگے

کالی مندر قلات ہندوؤں کا تاریخی مندر ہے جو ہندوؤں کا اہم عبادت گاہ ہے، ڈپٹی کمشنر قلات

قلات (ح ن) ڈپٹی کمشنر قلات عزت نزیر بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان میں اقلیتوں کو تمام حقوق حاصل ہیں قلات میں ہندو برادری کے مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروکار لائینگے کالی مندر قلات ہندوؤں کا تاریخی مندر ہے جو ہندوؤں کا اہم عبادت گاہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ہندوؤں کے تاریخی مندر کالی مندر کے دورے کے موقع پر مہاراج شنکر اور دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کی اس موقع پر ایس پی قلات پولیس احمد علی کاسی ڈی ایس پی غلام حسین باجوئی بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) آج 3 بجے کوئٹہ پریس کلب میں اہم پریس کانفرنس کریں گے

تمام کے تمام یونٹس کے صدور وجنرل سیکریٹریز اپنی شرکت کو یقینی بنائیں

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے تمام یونٹس کے صدور وجنرل سیکریٹریز کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بروز بدھ 13 جنوری سہ پہر 3 بجے کوئٹہ پریس کلب میں مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کی ایک اہم پریس کانفرنس ہوگی لہٰذا تمام یونٹوں کے صدور وجنرل سیکریٹریز پریس بقیہ نمبر69 صفحہ3 پر

لورالائی میں آج 13 جنوری کو پی ڈی ایم کے احتجاجی جلسے کی تیاریاں مکمل کرلیں گئی

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں آج 13 جنوری کو پی ڈی ایم کے احتجاجی جلسے کی تیاریاں مکمل کرلیں گئی قائدین کیلئے تاریخی سٹیج تیار کرلیا گیا سٹیج پی ڈی ایم کے رہنماؤں کے تقریروں بقیہ نمبر68 صفحہ3 پر

بی اے پی کا منشور غریب اور محکوم عوام کو انکے دہلیز پر انکا حق پہنچانا ہے، ملک الٰہی بخش موسیٰ زئی

میر اعجاز خان سنجرانی کی کاوشوں سے بے شمار ترقیاتی اور اجتماعی ہورہے ہیں بی اے پی دالبندین

دالبندین (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری وممتاز قبائلی شخصیت ملک الٰہی بخش موسیٰ زئی نے اپنے ایک بیان میں کہا بلوچستان عوامی پارٹی بلوچستان کے لوگوں کے بنیادی مسائلوں کا خاتمہ اور عملی جامہ پہنانے کے لیے جدوجہد کررہی ہے بی اے پی کا منشور غریب اور محکوم عوام کو انکے دہلیز پر انکا حق پہنچانا ہے آج اگر ضلع چاغی سمیت رخشان ڈویژن میں جوق در بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر

PDM سو دن کے اندر اپنی موت آپ مرگئی، بابر اعوان

پاکستان کے تمام آئینی اداروں کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں، آئینی اداروں کو سیاست میں ملوث نہیں کرنا چاہیے، مشیر پارلیمانی امور

مولانا نے بیزانہ کھلانے کا شکوہ کیا آپ کیا کہیں گے؟ صحافی کا سوال..... مولانا سے غلطی ہوگئی وہ حلوہ کہنا چاہ رہے تھے، بابر اعوان کا جواب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے پارلیمانی امور بابر اعوان نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم سو دن کے اندر اپنی موت آپ مرگئی اپوزیشن اب ایوان کی طرف دیکھے، پاکستان کے تمام آئینی اداروں کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں، آئینی اداروں کو سیاست میں ملوث نہیں کرنا چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مشیر وزیر اعظم بابر اعوان نے کہا کہ سینیٹ سے متعلق پارلیمانی معاملات پر چیئرمین سینیٹ سے گفتگو کی، سلیم مانڈوی والا کے تحفظات سے بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

کوئٹہ، صوبائی مشیر محنت وافرادی قوت حاجی محمد خان لہڑی مقامی روزنامہ کے چیف ایڈیٹر سید نوید ہاشمی کے والدہ کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ کررہے ہیں

جنگل اور جنگلی حیات اس دھرتی کا حسن ہے، ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات لسبیلہ

لسبیلہ میں جنگلات کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

اوتھل (آن لائن) ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات لسبیلہ سیف اللہ زہری نے کہا ہے کہ جنگل اور جنگلی حیات اس دھرتی کا حسن ہے اس کی حفاظت ہم سب کا اولین فرض ہے لسبیلہ میں جنگلات کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور درختوں کی غیر قانونی کٹائی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ایسی سرگرمیوں میں ملوث عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ ان خیالات بقیہ نمبر70 صفحہ3 پر

پی ڈی ایم آج بلوچستان ضلع لورالائی میں اپنی طاقت کا مظاہرہ کرے گی، مولانا مفتی محمد قاسم

پی ڈی ایم کی سطح پر ہونے والے احتجاجی مظاہرے اور جلسے انقلاب کی جانب پیش رفت ہیں

چمن (آن لائن) شہید اسلام مولانا محمد حنیف کے جانشین اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولانا مفتی محمد قاسم نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم آج بلوچستان ضلع لورالائی میں اپنی طاقت کا مظاہرہ کرے گی حکومت کو ہر حال میں اب گھر جانا ہوگا پی ڈی ایم کی احتجاجی تحریک پر عوام کا اعتماد اور اجتماعات میں عوام کی شرکت پی ڈی ایم کے مستقبل کے کامیابی کی نوید ہیں پی ڈی ایم کی سطح پر ہونے بقیہ نمبر71 صفحہ3 پر

مولانا فضل الرحمان پی ڈی ایم کے ایک مہرے ہیں، بابر یوسفزئی

ن لیگ اور پیپلز پارٹی این آر او کے لئے استعمال کررہی ہے، سابقہ ترجمان پی ٹی آئی بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابقہ ترجمان وسیکرٹری اطلاعات بابر یوسفزئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ کوئٹہ میں مسترد ہونے کے بعد پاکستان ڈاکو موومنٹ ایک دفعہ پھر بلوچستان کا رخ کیا ہے اور لورالائی شہر کی ایک چھوٹی سڑک کو جلسہ گاہ کے لئے انتخاب کیا ہے کل تک اندرون بلوچستان میں ایک دوسرے پر فتویٰ لگاکر کافر قرار دینے والے مذہب پرست بقیہ نمبر72 صفحہ3 پر

قلات میں سردی کی شدت میں مزید اضافہ، پارہ منفی 14 تک گر گیا

ہربوئی میں درجہ حرارت منفی 18 ریکارڈ، خون جما دینے والی سردی میں معمولات زندگی شدید متاثر، لوگ گھروں میں محصور ہوکر رہ گئے

پانی کی پائپ لائنیں جم کر پھٹ گئیں۔ پانی کی سپلائی معطل، گیس پریشر مکمل غائب، بجلی کی آنکھ مچولی جاری، عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہورہا ہے

قلات (آن لائن) قلات میں سردی کی شدت میں مزید اضافہ پارہ منفی 14 تک گر گیا، ہربوئی میں درجہ حرارت منفی 18 ریکارڈ، خون جما دینے والی سردی میں معمولات زندگی شدید متاثر، لوگ گھروں میں محصور ہوکر رہ گئے۔ پانی کی پائپ لائنیں جم کر پھٹ گئیں۔ پانی کی سپلائی معطل، گیس پریشر مکمل غائب، بجلی کی آنکھ مچولی جاری، عوام کو شدید مشکلات کا سامنا، تفصیلات کے مطابق محکمہ بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

دالبندین پریس کلب کے نائب صدر آغا علی دوست منشی عبداللطیف کی والدہ انتقال کرگئیں

دالبندین (این این آئی) ضلع چاغی کے سینئر صحافی دالبندین پریس کلب کے نائب صدر اور اخبار فروش آغا علی دوست منشی عبداللطیف کی والدہ بائز سیکنڈری سکول امین آباد کے پرنسپل حاجی عبداللہ ریکی سعود لیب کے ڈائریکٹر فضل اللہ ریکی مسعود ریکی محکمہ پولیس کے شاہد حسین زاہد حسین بقیہ نمبر74 صفحہ3 پر

مولانا محمد طاہر توحیدی کی والدہ کو جبل نور قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی کی والدہ کو جبل نور قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا نماز جنازہ میں ضلعی سیکرٹری جنرل بقیہ نمبر73 صفحہ3 پر

اوتھل، صوبائی ادارہ برائے تربیت اساتذہ بلوچستان کے زیر اہتمام مڈل اسکولز کے اساتذہ کے لیے بارہ روزہ تربیتی پروگرام ایلمنٹری کالج اوتھل میں جاری ہے